"وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِیْبًا اِلَیْهِ۔"

"جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کو پکارتا ہے اور دل سے اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔"

دعا کی اہمیت قرآن و حدیث کی روشنی میں

اَدْعِیَۃُ الْاَحَادِیْث

محمد داؤد الرحمن علی

القاسم دارالکتب گلشن بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

بسم الله الرحمن الرحیم

انتساب

بندہ ناچیز اپنی اس ادنیٰ سی کوشش کو

اپنے بڑے بھائیوں

استاذ العلماء حضرت مولانا یسین احمد

عثمانی علیہ الرحمۃ اللہ

حضرت مولانا قاری محمد حفظ الرحمن

فاروق علیہ الرحمۃ اللہ

کے نام منسوب کرتا ہے۔

﴾فہرست مضامین﴿

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم امابعد!

اللہ کے فضل و کرم و احسان سے بندہ ناچیز نے "دعا" کی اہمیت و فضیلت کو دیکھتے ہوئے دعاؤں کے اس سلسلہ کو آسان و عام فہم انداز میں مرتب کرنے کا کام شروع کیا تھا۔ الحمد اللہ، اللہ کے فضل و کرم سے اور والدین کی دعاؤں سے کام کا بہترین آغاز ہوا۔ اللہ کی مدد و نصرت آتی گئی اور مواد اکھٹا ہوتا چلا گیا۔ بندہ ناچیز کا ادارہ تھا کہ اس سلسلہ کو ایک ہی کتاب میں پر مشتمل رکھا جائے لیکن احباب نے مشورہ دیا کہ کتاب کافی بڑی ہو جائے گی آج کل وقت نہ ہونے کا بہانہ ہے، استفادہ کم حاصل کیا جائے گا۔ مشورہ میں برکت ہوتی ہے تو اس لیے مشورہ سے اس کتاب کو الگ الگ حصوں میں تقسیم کر کے الگ الگ سافٹ کاپیز میں لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ الحمد اللہ اس سلسلہ کی پہلی سافٹ کاپی "ادعیۃ القرآن" کے نام سے شائع ہو چکی ہے، جس میں قرآن کریم کی چالیس (40) دعائیں وضاحت کے ساتھ لکھی گئی ہیں۔

الحمد اللہ، اللہ رب العزت نے "ادعیۃ القرآن" کو کامیابیوں اور کامرانیوں نے نوازا۔ رب لم یزل کے سامنے عاجزی و انکساری کے ساتھ سجدہ شکر بجالاتا ہوں کہ اللہ پاک نے "ادعیۃ القرآن" کو کامیابیوں و کامرانیوں سے ہمکنار۔ یہ فقط اللہ کا فضل، کرم، شکر، احسان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بندہ گناہ گار کو توفیق بخشی کہ سلسلہ "دعا کی فضیلت و اہمیت" آسان اور عام فہم انداز میں مرتب کر سکوں۔

میرے لیے سب سے بڑا اعزاز میرے والد گرامی، میرے شیخ و مربی، میرے پیرو مرشد، استاذ الاساتذہ، شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا خادم حسین صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا "ادعیۃ القرآن" کی تیاری میں میری سرپرستی کرنا، رہنمائی کرنا، اور اس کو پسند کرنا ہے۔

بہت سے احباب نے اس کو پسند کیا اور بعض احباب نے اس کا پرنٹ نکال کر اپنے گھر میں بھی رکھا اور اپنے دوست احباب سے بھی شئیر کیا گیا، وٹس ایپ گروپس میں بھی کتاب شئیر کی گئی بعض نے تو خریدنے تک کا کہا کہ کہاں سے ملے گی، بلکہ بہت سے احباب نے میسج یا کال کر کے باقاعدہ دعائیہ کلمات سے نوازا جو حقیقت میں میرے لیے اعزاز کم نہیں۔

''ادعیۃ القرآن'' کی اشاعت کے بعد اللہ تعالیٰ کے بے حد فضل سے اس سلسلہ کی دوسری سافٹ کاپی ''ادعیۃ الاحادیث'' قارئین کرام کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے۔ جس میں قرآن وحدیث سے مسنون دعائیں ذکر کی گئی ہیں۔

کوشش کی گئی ہے کہ روز مرہ میں جو امور پیش آتے ہیں وہ تمام دعائیں ترجمہ کے ساتھ لکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان شاء اللہ قارئین کرام کو بہت فائدہ ہو گا۔

اللہ رب العزت کی رحمت پر کامل یقین ہے کہ ''ادعیۃ القرآن'' کی طرح ہی ''ادعیۃ الاحادیث'' کی پی ڈی ایف بھی کامیابی سے ہمکنار ہو گی اور قارئین کرام کے لیے استفادہ حاصل کرنے کے لیے ایک بہترین اور مفید کتاب بھی۔

اللہ رب العزت سے دعا کہ اللہ پاک میری اس ادنیٰ کی کوشش کو قبول فرمائے اور اس کتاب کو ہم سب کے لیے دعائیں سیکھنے کے لیے مفید فرمائے۔ آمین ثم آمین!

آپ جب بھی اللہ رب العزت کے ہاں دعاؤں کے لیے ہاتھ اٹھائیں تو میرے والدین، اساتذہ، بھائی، بندہ ناچیز اور امت مسلمہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

آخر میں تمام قارئین کرام سے گزارش ہے کہ ۲۶ نومبر ۲۰۲۲ء کو میرے بڑے بھائی حضرت مولانا قاری محمد حفظ الرحمن فاروقؒ نے جمعہ کے دن اس دنیا کو الوداع کہا تھا یعنی چند روز بعد ۲۶ نومبر ۲۰۲۴ء کو بھائی جانؒ کو ہم سے بچھڑے دو سال گزر جائیں گے۔ میری تمام تحریر، مضامین، پی ڈی ایف بڑے شوق سے پڑھتے اور اس پر رائے بھی دیتے اور اس کو آگے اپنے تمام دوستوں بھی بھیجا کرتے تھے۔ اس سے قبل ''عشق رسول ﷺ'' کے عنوان پر بھائی جانؒ کی خواہش پر اللہ تعالیٰ نے چند کلمات لکھنے کی توفیق عطا فرمائی تھی جو کہ ان کی وفات سے چند عرصہ قبل ہی لکھی تھی اور بھائی جانؒ نے اس پر خوب خوشی کا اظہار کیا تھا۔

''ادعیۃ الاحادیث'' میں اپنے دونوں بڑے بھائی استاذ محترم حضرت مولانا یسین احمد عثمانیؒ، حضرت مولانا قاری محمد حفظ الرحمن فاروقیؒ کے نام منسوب کرتا ہوں۔

آپ تمام احباب سے التماس ہے جب بھی دعا فرمائیں بھائی جان رحمہ اللہ کو بھی اپنی دعاؤں میں خصوصی طور پر یاد رکھیں۔ جزاک اللہ

دعاؤں کی خصوصی درخواست

والسلام!

محمد داؤد الرحمن علی

۱۹ جُمادی الاُول ۱۴۴۶ھ ۲۲ نومبر ۲۰۲۴ء بروز جمعۃ المبارک

دعا کی اہمیت

دعا عین عبادت ہے اور جب الفاظِ دعا پاک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سکھائے ہوئے ہوں، تو ان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ دعا نام ہے عاجزی و انکساری کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرنے کا، اس یقین کامل کے ساتھ کہ سب کچھ رب العالمین کے قبضہ قدرت میں ہے۔ اس لیے ہمہ وقت کوشش کرتے رہنا چاہیے کہ اپنی حاجت طلب کرنے کے لیے مسنون وماثور دعاوں کو اپنائیں۔

علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں:

"ذکرِ الٰہی وہ درخت ہے جو معارف اور ان احوال کا پھل دیتا ہے جن کی طرف سالکین کمر باندھتے ہیں اور ان معارف واحوال کو ذکرِ الٰہی کے بغیر حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ جب کبھی یہ درخت بڑا ہوگا اور اس کی جڑ مضبوط ہوگی تو اس کا پھل مزید بڑھے گا۔ لہٰذا ذکرِ الٰہی ہر مقام کا ثمر دیتا ہے، مثلاً توحید کی بیداری؛ جو کہ ہر مقام کی جڑ ہے، اور اس کی بنیاد ہے، جس پر وہ مقام کھڑا کیا جاتا ہے، جس طرح دیوار اپنی بنیاد پر کھڑی کی جاتی ہے اور چھت دیواروں پر کھڑی کی جاتی ہے۔ اذکارِ مسنونہ بہترین فوائد اور بلند مقاصد پر مشتمل ہیں اور ان میں خیر، نفع، برکت، اچھے فوائد اور عظیم نتائج سموئے ہوئے ہیں، جن کا نہ تو کسی انسان کے لیے احاطہ کرنا ممکن ہے اور نہ ہی ان کو زبان سے بیان کرنا ممکن ہے۔" (روزمرہ کی مسنون دعائیں)

ان دعاؤں کی اہمیت و افادیت کے دو پہلوؤں کا ذکر کرتے ہوئے مولانا محمد منظور نعمانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

"ان دُعاؤں کی قدر و قیمت اور افادیت کا ایک عام عملی پہلو تو یہ ہے کہ ان سے دعا کرنے اور اللہ سے اپنی حاجتیں مانگنے کا سلیقہ اور طریقہ معلوم ہوتا ہے اور اس باب میں وہ راہ نمائی ملتی ہے جو کہیں سے نہیں مل سکتی اور ایک دوسرا خاص عملی اور عرفانی پہلو یہ ہے کہ ان سے پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ پاک کو اللہ تعالیٰ سے کتنی گہری اور ہمہ وقتی وابستگی تھی اور آپ کے قلب پر اس کا جلال و جمال کس قدر چھایا ہوا تھا اور اپنی اور ساری کائنات کی بے بسی اور لاچاری اور اس مالک الملک کی قدرتِ کاملہ اور ہمہ گیر رحمت و ربوبیت پر آپ کو کس درجے یقین تھا کہ گویا یہ آپ کے لیے غیب نہیں شہود تھا۔ حدیث کے ذخیرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو سیکڑوں دعائیں محفوظ ہیں، ان میں اگر تفکر کیا جائے تو کھلے طور

پر محسوس ہو گا کہ ان میں سے ہر دعا معرفتِ الٰہی کا شاہ کار اور آپ کے کمالِ روحانی و خدا آشنائی اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقِ تعلق کا مستقل برہان ہے اور اس لحاظ سے ہر ماثور دُعا بجائے خود آپ کا ایک روشن معجزہ ہے۔ اس عاجز راقم سطور کا دستور ہے کہ جب کبھی پڑھے لکھے اور سمجھ دار غیر مسلموں کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعارف کرانے کا موقع ملتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ دعائیں ان کو ضرور سناتا ہوں۔ قریب قریب سو فی صد تجربہ ہے کہ وہ ہر چیز سے زیادہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں سے متاثر ہوتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالِ خدارسی و خدا شناسی میں ان کو شبہ نہیں رہتا۔"(معارف الحدیث)

حضرت مولانا عاشق الٰہی بلند شہری ؒ فرماتے ہیں:

"حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ کا ذکر فرماتے تھے، اس ذکر میں یہ دعائیں بھی شامل ہیں، جن کو موقع بہ موقع پڑھنا مروی ہے۔ ان دعاؤں کے معانی میں غور و خوض کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں اسلام کی بڑی اہم تعلیمات ہیں، ان کے پڑھنے اور سمجھنے سے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا بار بار اقرار ہوتا ہے اور دل و زبان پر بار بار یہ بات آتی ہے کہ اللہ ہی نے پیدا فرمایا ہے، اسی نے زندہ رکھا، اسی نے سُلایا، اسی نے سوتے سے جگایا، اسی نے کھلایا اور اسی نے پلایا اور پہنایا، اسی کے حکم سے صبح ہوتی ہے، اسی کے حکم سے شام ہوتی ہے، سفر اور حضر میں وہی محافظ ہے، دشمنوں کے شر سے وہی بچاتا ہے، شیطان سے وہی محفوظ رکھتا ہے، ہر دکھ کو دور کرنے والا وہی ہے، بارش اسی کے حکم سے آتی ہے، ہوائیں اسی کے حکم سے چلتی ہیں، ہر خیر کا سوال اسی سے کرنا چاہیے اور ہر شر سے محفوظ رہنے کے لیے اسی کو پکارنا چاہیے، ہر مصیبت میں اسی کو پکارو، ہر مجلس اور ہر موقع اور ہر مقام میں اسی کو یاد کرو اور نعمت کے حاصل ہونے پر اور ہر دکھ تکلیف کے چلے جانے پر اسی کا شکر ادا کرو۔"(فضائلِ دعا)

حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی ؒ فرماتے ہیں:

"یہ دعائیں مستقل معجزات اور دلائلِ نبوت ہیں، ان کے الفاظ شہادت دیتے ہیں کہ وہ ایک پیغمبر ہی کی زبان سے نکلے ہیں۔ ان میں نبوت کا نور ہے، پیغمبر کا یقین ہے، عبدِ کامل کا نیاز ہے، محبوب رب العالمین کا اعتماد و ناز ہے، فطرتِ نبوت کی معصومیت و سادگی ہے، دلِ دردمند و قلبِ مضطر کی بے تکلفی و بے ساختگی ہے، صاحبِ غرض و حاجت مند کا اصرار و اضطرار بھی ہے اور بارگاہِ الوہیت کے ادب شناس کی احتیاط بھی۔ دل کی جراحت اور درد کی کسک بھی ہے اور چارہ ساز کی چارہ سازی اور دل نوازی کا یقین و سرور بھی۔"(سیرتِ محمدی دعاؤں کے آئینے میں)

قرآنی دعائیں۔

دین و دنیا کی لیے خیر و برکت طلب کرنے اور دوزخ کے عذاب سے نجات پانے کی دُعا:۔

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دُنیا میں بھی خیر و برکت دے اور آخرت میں بھی خیر و برکت دے اور ہم کو دوزخ کو عذاب سے بچا۔

استقامت اور رحمت کی دُعا:۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ۔ رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو ہدایت کرنے کے بعد (غلط راستے پر) نہ پھیر، اور اپنے پاس سے ہم کو رحمت عطا فرما، بے شک تو ہی دینے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! تو ایک دن جس (کے آنے) میں (کسی طرح کا) شبہ ہی نہیں لوگوں کو (اعمال کی جزا و سزا کے لیے) اکٹھا کرے گا (تو اس دن ہم پر تیری مہربانی کی نظر رہے)، بے شک اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔[1]

وضاحت

[1] سورۃ آل عمران:8،9

اللہ تعالیٰ نے خود تعلیم فرمائی ہے۔ آج کل اس دُعا کی بڑی ضرورت ہے، کیونکہ اسلامی عقائد سے منحرف اور متزلزل کرنے والے بہت سے دشمن پیچھے پڑے ہُوئے ہیں، اللہ اپنے فضل سے ان ظالموں سے بچائے۔

ان لوگوں کی دُعا جو آخرکار جنّتی ہوں گے:۔

رَبَّنَا إِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم (تجھ پر) ایمان لائے ہیں تو ہمارے گناہ معاف فرما، اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔[2]

اللہ کے نیک بندوں کی دُعائیں:۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ رَبَّنَا إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ (192) رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ (193) رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۔

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! تو نے اس (دنیا) کو بے فائدہ نہیں بنایا، تیری ذات پاک ہے۔ تو اے ہمارے پروردگار! ہم کو دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھیو۔ اے ہمارے پروردگار! جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا اس کو (بہت ہی) ذلیل کیا، اور (وہاں)

---

[2] سورۃ آل عمران:16

گنہگاروں کا کوئی بھی مدد گار نہیں۔ اے ہمارے پروردگار! ہم نے ایک پکارنے والے (یعنی نبی) کو سُنا کہ ایمان کی منادی کر رہا تھا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ، تو ہم ایمان لے آئے، پس اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ معاف فرما، اور ہماری بُرائیوں کو دُور کر اور ہمارا نیک بندوں کے ساتھ خاتمہ کر، اور اے ہمارے پروردگار! جیسے جیسے وعدے اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے فرمائے ہیں ہم کو نصیب کر، اور قیامت کے دن ہم کو ذلیل نہ کر کہ تو وعدہ کو خلاف نہیں کرتا۔[3]

وضاحت

اس کے پڑھنے والوں کی اللہ تعالیٰ نے تعریف فرمائی ہے اور اجابت کا وعدہ کیا ہے۔

رحم اور مغفرت کی دُعا:۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے آپ کو خود تباہ کیا، اور اگر تو ہم کو معاف نہیں فرمائے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم بالکل برباد ہو جائیں گے۔[4]

وضاحت

اس دُعا کی بدولت حضرت آدم علیہ السلام کو معافی ملی تھی۔

طلبِ صبر اور انجام بخیر ہونے کی دُعا:۔

رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ۔

---

[3] سورۃ آل عمران: 191، 192، 193، 194

[4] سورۃ الأعراف: 23

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے، اور (اپنی) فرماں برداری کی حالت میں ہم کو موت دے۔ [5]

وضاحت

یہ فرعون کے جادوگروں کی دُعا ہے جب وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے تھے گویا دشمنوں کے مقابلہ میں صبر اور انجام بخیر ہونے اور ایمان کی سلامتی کی دُعا ہے۔

ظالموں سے نجات پانے کی دُعا:۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ ۔ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں کے ظلم کا تختۂ مشق نہ بنا، اور اپنی رحمت سے ہم کو ان لوگوں (کے پنجہ) سے نجات دے جو کافر ہیں۔ [6]

وضاحت

اس کی بدولت بنی اسرائیل کو فرعون کے پنجہ سے نجات ہوئی تھی۔

دعاء حضرت یونس علیہ السلام:۔

مصیبت اور غم کے وقت بطور وظیفہ یہ پڑھیں جو یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں پڑھی تھی۔

لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ

[5] سورۃ الأعراف:126

[6] سورۃ یونس:85،86

ترجمہ: الٰہی! تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بیشک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔[7]

اس کے ذریعے سے جو بھی دعا کی جاتی ہے وہ ضرور قبول ہوتی ہے۔

مصیبت اور مشکل معاملے کے حل کے لیے اس کو بطور ورد پڑھیں:۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ترجمہ: ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔[8]

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب آگ میں ڈالا گیا تو آپ کی زبان پر یہی الفاظ تھے۔

اسلام پر خاتمہ ہونے کی دُعا:۔

فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيِّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ

ترجمہ: اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا رفیق ہے، تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری کی حالت میں (دنیا سے) اُٹھا لے، اور مجھ کو (اپنے) نیک بندوں میں داخل کر۔[9]

وضاحت

یہ حضرت یوسف علیہ السلام کی آخری دُعا ہے۔

[7] سورۃ الانبیاء، 87۔ عمل الیوم واللیلۃ للنسائي، 416، بیروت
[8] سورۃ البقرۃ، 173. صحیح البخاري، 6/39، دار طوق النجاۃ
[9] سورۃ یوسف: 101

اپنے والدین اور عام مسلمانوں کے لیے طلبِ برکت و مغفرت کی دُعا:۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ (40)
رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھ کو توفیق دے میں نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو (بھی)، اور اے ہمارے پروردگار! میری دُعا قبول فرما، اے ہمارے پروردگار جس دن (اعمال کا) حساب ہونے لگے، مجھ کو اور میرے ماں باپ اور (سب) ایمان والوں کو بخش دینا۔[10]

وضاحت

یہ دعا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کی تھی۔

والدین کے لیے رحمت کی طلب:۔

والدین کے حق میں خصوصی رحمت کے حصول کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا

ترجمہ: اے میرے رب! میرے والدین پر رحمت کر جیسا کہ انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔[11]

شہر میں اچھی طرح داخل وخارج ہونے کی طلب:۔

کسی بھی شہر میں اچھی طرح داخل وخارج ہونے کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

---

[10] سورۃ ابراہیم:40،41

[11] سورۃ الاسراء،24

رَّبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَل لِّي مِن لَّدُنكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے اندر بھی صاف لے جا اور مجھے باہر بھی صاف نکال لا اور میرے حق میں اپنے پاس سے ایک مدد دینے والی قوت تجویز کر دے۔[12]

رحمت خاصہ کی طلب:۔

رحمت خاصہ کے حصول اور مقصد میں کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے حضور سے رحمت خاصہ عنایت کر اور ہمارے مقصد میں کامیابی کا سامان بہم پہنچا دے۔[13]

شرح صدر، معاملات کی آسانی اور تقریر کی روانی کی طلب:۔

شرح صدر، معاملات کی آسانی اور تقریر میں روانی کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي

ترجمہ: اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دے اور مجھ پر میرا کام آسان کر دے اور میری زبان سے گنجل کھول دے کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں۔[14]

---

[12] سورۃالاسراء،80

[13] سورۃالکہف،10

[14] سورۃطٰہ،25تا28

علم میں اضافہ کی طلب:۔

علم میں اضافہ کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے علم میں بڑھا۔[15]

اولاد کی طلب:۔

بے اولاد جوڑے اس کو بطور ورد پڑھیں۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور سب سے اچھا وارث تو تو ہی ہے۔[16]

وطن میں برکت کی طلب:۔

وطن میں برکت کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ أَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبَارَكًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے مبارک جگہ میں اتار اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔[17]

شریر جنات سے پناہ کی طلب:۔

شریر جنات سے پناہ کے لیے اس کو بطور وظیفہ پڑھیں۔

---

[15] سورۃ طٰہٰ، 114

[16] سورۃ الانبیاء، 89

[17] سورۃ المؤمنون، 29

رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کی چھیڑ خانی سے تیری پناہ چاہتاہوں اور اس سے پناہ چاہتاہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔[18]

مغفرت اور رحمت کی طلب:۔

مغفرت اور رحمت کے حصول کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے، تو تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحمت کر، اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔[19]

دوزخ کے عذاب سے پناہ:۔

دوزخ کے عذاب سے بچنے کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! عذاب دوزخ کو ہم سے پھیرے رکھ، کہ اس کا عذاب تو چمٹ جانے والا ہے۔[20]

نیک، صالح ازواج و اولاد کی طلب:۔

نیک، صالح ازواج و اولاد اور پرہیز گاروں کی پیشوائی کے حصول کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

---

[18] سورۃ المؤمنون، 98,97

[19] سورۃ المؤمنون، 109

[20] سورۃ الفرقان، 65

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری ازواج و اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر، اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنادے۔[21]

حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا:۔

نعمتوں کے شکرانے اور نیک بندوں میں شمولیت کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ أَوْزِعْنِيْٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صٰلِحًا تَرْضٰىهُ وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں شکر ادا کروں تیرے اس احسان کا جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پہ کیا، اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جو تو پسند کرے اور تو مجھے اپنے رحم و کرم سے اپنے صالح بندوں میں داخل کر دے۔[22]

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا:۔

دنیاوی ضروریات کے حصول کے لیے اس کو بطور ورد پڑھیں۔

رَبِّ إِنِّيْ لِمَآ أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے، محتاج ہوں۔[23]

---

[21] سورۃ الفرقان، 74
[22] سورۃ النمل، 19
[23] سورۃ القصص، 24

حضرت لوط علیہ السلام کی دعا:۔

فساق وفجار کے شر سے بچنے کے لیے خصوصاً دشمنوں کے غلبہ کے وقت یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ انْصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے مفسد لوگوں پر غالب کر۔[24]

رحمت اور مغفرت کی طلب:۔

رحمت واسعہ کی طلب اور مغفرت کے حصول کے لیے اور جہنم سے بچنے کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم ہر شئی پر محیط ہے۔ تو توان لوگوں کو جنھوں نے توبہ کی اور جو تیری راہ پر چلے، انہیں بخش دے۔ اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچادے۔[25]

اولاد کی اصلاح کی طلب:۔

اولاد کی اصلاح کے لیے یہ وظیفہ پڑھیں۔ (عمر کی پختگی پر پہنچ کر یہ دعا کی جاتی ہے۔)

أَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ إِنِّيْ تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

ترجمہ: میری اولاد میں صلاحیت (نیکی کی) دے۔ میں نے تیری طرف رجوع کی اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔[26]

---

[24] سورۃ العنکبوت، 30

[25] سورۃ المؤمن، 7

[26] سورۃ الاحقاف، 15

حضرت نوح علیہ السلام کی دعا:۔

مشکل مرحلے میں اللہ کی خصوصی مدد کے لیے اس کو بطور ورد پڑھیں۔

أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ

ترجمہ: میں ہارا ہوا ہوں، پس تو میرا بدلہ لے لے۔[27]

جنت کی طلب:۔

امت مسلمہ کے لیے جنت کی طلب اور دوزخ سے حفاظت کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذَالِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! انہیں ہمیشگی کی جنتوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔ اور ان کو بھی جو کوئی ان کے باپ دادوں میں سے اور ان کی بیویوں میں سے اور ان کی اولاد میں سے نیک ہو۔ بے شک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔ اور انہیں خرابیوں سے بچا دے اور جس کو تو نے اس دن خرابیوں سے بچا لیا اس پر تو نے رحم کیا، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔[28]

[27] سورۃ القمر، 10

[28] سورۃ المؤمن، 8,9

ملی یکجہتی اور امت کے درمیان اخوت کی روح دوڑانے کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

اپنے لیے اور اپنے پیشرؤوں کے حق میں مغفرت اور تمام مسلمانوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے محبت کے حصول کے لیے یہ موئثر ترین دعا پڑھی جائے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہمارے پیشرو ہیں بخش دے، اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے ساتھ کدورت نہ ہونے دے، اے ہمارے پروردگار! تو بڑا شفیق و مہربان ہے۔[29]

اللہ ہی کی طرف رجوع:۔

عقائد کی درستگی اور اللہ ہی پر بھروسہ (توکل) کے حصول کے لیے بطور ورد پڑھیں۔

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا، اور تیری طرف ہم رجوع ہوئے، اور تیری طرف ہی لوٹنا ہے۔[30]

کفار کے لیے محل آزمائش بننے سے بچنے کی دعا:۔

کفار کے لیے محل آزمائش بننے سے بچنے یعنی عین اطاعت اور مغفرت کے حصول کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

---

[29] سورۃ الحشر، 10

[30] سورۃ الممتحنۃ، 4

ترجمہ:اے ہمارے پروردگار!ہمیں کافرلوگوں کا ہدفِ ستم نہ بنا،اور ہمیں اے پروردگار!بخش دے،بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔[31]

نور ایمانی کے تکمیل کی طلب:۔

ایامن کے نور کی اتمام اور مغفرت کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَآ أَتۡمِمۡ لَنَا نُورَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَآۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيرٌ

ترجمہ:اے ہمارے پروردگار!ہمارے لیے ہمارا نور کامل کر دے اور ہمیں بخش دے بیشک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔[32]

حضرت نوح علیہ السلام کی دعا:۔

اپنے لیے اور اپنے والدین کے لیے اللہ تعالیٰ سے مغفرت ان الفاظ میں طلب کریں۔

رَبِّ اغۡفِرۡ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيۡتِيَ مُؤۡمِنٗا وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ وَالۡمُؤۡمِنَٰتِ

ترجمہ:اے میرے پروردگار!بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو اور اس کو بھی جو میرے گھر میں مؤمن ہو کر داخل ہو اور سارے مؤمن مردوں اور عورتوں کو بھی[33]

[31] سورۃالممتحنۃ،5
[32] سورۃالتحریم،8
[33] سورۃنوح،28

احادیث مبارکہ کی دعائیں۔

دین و دنیا کی بھلائی کی ایک جامع دعا:۔

دین و دنیا کی بھلائی کی ایک جامع دعا جو حضور ﷺ نے مختلف مواقع میں پڑھی ہے، نماز کے بعد بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ أَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ أَمْرِیْ وَأَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَأَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ

ترجمہ: اے اللہ! میری دینی حالت درست فرمادے جس پر میری خیریت اور سلامتی کا دار و مدار ہے اور میری دنیا بھی درست فرمادے جس میں مجھے یہ زندگی گزارنا ہے اور میری آخرت بھی درست فرمادے جہاں مجھے لوٹ کر جانا ہے اور ہمیشہ رہنا ہے اور میری زندگی کو خیر اور بھلائی میں اضافہ اور زیادتی کا ذریعہ بنادے اور میری موت کو ہر شر سے راحت اور حفاظت کا وسیلہ بنادے۔[34]

راہ حق پہ چلتے رہنے کی دعا:۔

دین پر استقامت، تقوی اور پاکدامنی کے حصول کے لیے اور مخلوق کی محتاجگی سے حفاظت کے لیے اس کو بھی بطور ورد پڑھا جائے۔

---

[34] صحیح مسلم، 4/2087، بیروت

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی

ترجمہ: اے میرے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ہدایت اور تقوی اور پاکدامنی اور مخلوق کی نامحتاجی۔[35]

تندرستی اور اچھے اخلاق کے حصول کے لیے دعا

صحت و تندرستی، اچھے اخلاق، امانتداری اور پاکدامنی اور رضا بالقضا کے حصول کے لیے اس دعا کو ورد بنائیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْأَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدَرِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں صحت و تندرستی اور عفت و پاکدامنی، اور امانت کی صفت اور اچھے اخلاق اور راضی بہ تقدیر رہنا۔[36]

باطن کی اصلاح اور نیک صالح اہل و اولاد کے حصول کے لیے دعا:۔

ظاہر و باطن کی اصلاح اور نیک صالح اہل و اولاد اور عمدہ اور بابرکت مال کے حصول کے لیے اس کو بطور ورد پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَرِیْرَتِیْ خَیْرًا مِّنْ عَلَانِیَتِیْ وَاجْعَلْ عَلَانِیَتِیْ صَالِحَةً اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِی النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَالْأَھْلِ وَالْوَلَدِ غَیْرِ الضَّالِّ وَلَا الْمُضِلِّ

ترجمہ: اے اللہ! میرا باطن میرے ظاہر سے اچھا کر دے اور میرے ظاہر کو بھی صلاح سے آراستہ فرمادے۔ اے اللہ! تو اپنے بندوں کو (اپنے فضل و کرم سے) جو ایسے صالح گھر والے صالح مال اور صالح اولاد عطا فرماتا ہے جو نہ خود گمراہ ہوں اور نہ

[35] صحیح مسلم، 4/2087، بیروت
[36] المعجم الکبیر للطبرانی، 13/29، قاھرۃ

دوسروں کے لیے گمراہ کن ہوں۔ میں بھی تجھ سے ان چیزوں کا سائل ہوں۔ (مجھے بھی اپنے فضل وکرم سے یہ چیزیں عطا فرما)[37]

نعمتوں کا شکر:۔

نعمتوں کا شکر، کثرت ذکر اور احکام کی پابندی کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ أُعَظِّمُ شُکْرَكَ وَأُکْثِرُ ذِکْرَكَ وَأَتَّبِعُ نَصِیْحَتَكَ وَأَحْفَظُ وَصِیَّتَكَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے ایسا کردے کہ میں تیری نعمتوں کے شکر کی عظمت واہمیت کو سمجھوں (تاکہ پھر شکر میں کوتاہی نہ کروں) اور تیرا ذکر کثرت سے کروں اور تیری نصیحتوں کی پیروی کروں اور تیری وصیتوں اور حکموں کو یاد رکھوں۔ (اور ان کی تعمیل سے غفلت نہ برتوں)[38]

اللہ کی مدد اور دشمنوں کے شر سے حفاظت کی دعا:۔

رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ وَاھْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْھُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ شَکَّارًا لَّكَ ذَکَّارًا لَّكَ رَھَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ مُخْبِتًا إِلَیْكَ أَوَّاھًا مُّنِیْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَأَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاھْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ

---

37 سنن الترمذي، 5/573، مصر

38 سنن الترمذي، 5/583، مصر

ترجمہ: اے میرے رب! میری مدد فرما، میرے خلاف (میرے دشمنوں کی کارروائیوں میں ان کی) مدد نہ فرما، میری حمایت فرما، (میرے مخالفین کی) میرے خلاف حمایت نہ فرما، اپنی لطیف خفیہ تدبیر میرے حق میں استعمال فرما، میرے خلاف استعمال نہ فرما، مجھے ٹھیک راستے پہ چلا اور صراط مستقیم پہ چلتے رہنا میرے لیے آسان فرما، جو کوئی مجھ پہ ظلم وزیادتی کرے اس کے مقابلے میں میری مدد فرما۔ اے پروردگار! مجھے بنادے اپنا خوب شکر کرنے والا، خوب ذکر کرنے والا، اپنے سے بہت ڈرنے والا، سراپا اطاعت گزار و فرمانبردار، اپنے حضور میں عاجزی اور نیاز مندی سے جھکنے والا، نرم دل اور تیری بارگاہ کی طرف رجوع ہونے والا اور پلٹنے والا۔ اے میرے رب! میری توبہ قبول فرمالے، میرے گناہوں کی میل کچیل کو دھودے، میری دعا قبول فرما، میرا ایمان (جو آخرت میں میرے لیے حجت بننے والا ہے اس کو) مستحکم فرما، میری زبان کو ٹھیک چلنے والی بنادے، میرے دل کو ہدایت بخش دے، اور میرے سینہ کے کینہ کپٹ اور ہر قسم کی کھوٹ نکال دے۔[39]

دین و دنیا کی بھلائیوں کے حصول اور شر ور سے حفاظت کی جامع ترین دعا:۔

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

ترجمہ: اے اللہ! ہم تجھ سے وہ سب مانگتے ہیں جو تیرے نبی محمد ﷺ نے تجھ سے مانگا اور ہم ان سب چیزوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں جن سے تیرے نبی محمد ﷺ نے تیری پناہ چاہی، بس تو ہی ہے جس سے مدد چاہی جائے اور تیرے ہی کرم پر موقوف ہے مقاصد اور مرادوں تک پہنچنا۔[40]

---

[39] سنن الترمذي، 5/554، مصر

[40] سنن الترمذي، 5/537، مصر

رحمت، مغفرت، جنت کی طلب اور دوزخ سے پناہ:۔

رحمت، مغفرت اور جنت کی طلب اور دوزخ سے پناہ کے لیے اس کا ورد بھی کیا جاسکتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ وَّالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ بِعَوْنِكَ مِنَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ! ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں تیری رحمت کو واجب کر دینے والے اور تیری مغفرت کو پکا کر دینے والے اعمال کا اور ہر گناہ سے محفوظ رہنے کا اور ہر نیکی کی توفیق کا اور تجھ سے مانگتے ہیں جنت کا حصول اور دوزخ سے نجات۔[41]

اپنی اور اپنے ایمان کی حفاظت، دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے حفاظت کی دعا:۔

اپنی اور اپنے ایمان کی حفاظت، دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے حفاظت، خیر کی طلب اور شر سے پناہ کے لیے بطور ورد پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي بِالْإِسْلَامِ قَائِمًا وَّاحْفَظْنِي بِالْإِسْلَامِ قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِي بِالْإِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِي عَدُوًّا حَاسِدًا وَّاللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ

ترجمہ: اے اللہ! میری حفاظت فرما اسلام کے ساتھ کھڑے ہونے کی حالت میں اور بیٹھنے کی حالت میں اور سونے کی حالت میں (یعنی کھڑے، بیٹھے اور سوتے ہر حال میں ایمان و اسلام کے ساتھ محفوظ رہوں) اور میرے دشمنوں اور حاسدوں کو تیرے کسی

[41] المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/706، بیروت

فیصلہ سے شماتت کا موقعہ نہ ملے۔اے میرے اللہ! تیرے ہاتھ میں خیر کے جو خزانے ہیں میں تجھ سے ان کو مانگتا ہوں اور تیرے قبضہ میں جو شر ہے اس سے میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔[42]

اپنی نظر میں چھوٹا اور لوگوں کی نگاہ میں بڑا ہونے کی دعا:۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ أَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا

ترجمہ:اے اللہ! مجھے اپنا شکر کرنے والا اور صبر کرنے والا بندہ بنا، اور مجھے اپنی نگاہ میں چھوٹا اور دوسرے لوگوں کی نگاہ میں بڑا بنا۔[43]

پسندیدہ اعمال، توکل اور اللہ کے ساتھ حسن ظن کی دعا:۔

اللہ کے پسندیدہ اعمال، اعلیٰ درجہ کے توکل اور اللہ کے ساتھ حسن ظن کے حصول کی دعا

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْأَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ

ترجمہ:اے اللہ! میں تجھ سے استدعا کرتا ہوں تو مجھے توفیق دے ان اعمال کی جو تجھے محبوب ہیں، اور عطا فرما مجھے سچا توکل، اور اپنی ذات پاک کے ساتھ حسن ظن۔[44]

ایمان، کامیابی اور مغفرت کا سوال:۔

ایمان، صحت، حسن اخلاق، عافیت، کامیابی، مغفرت اور اللہ کی رضا کے لیے اس طرح بھی دعا کرنا چاہیے۔

---

[42] المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/706، بیروت

[43] مسند البزار، 10/315، مدینۃ۔ مجمع الزوائد، 10/181، قاهرة

[44] حلیۃ الأولیاء، 8/224، بیروت

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ صِحَّةً فِي إِيمَانٍ وَّإِيمَانًا فِي حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاةً يَّتْبَعُهَا فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں صحت وتندرستی ایمان کے ساتھ، اور استدعا کرتا ہوں ایمان کی حسن اخلاق کے ساتھ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے مقاصد میں کامیابی کا آخرت کی فلاح کے ساتھ اور سائل ہوں تجھ سے رحمت اور عافیت کا اور تیری مغفرت اور رضامندی کا۔[45]

ایمان اور یقین صادق کی طلب:۔

ایمان اور یقین صادق اور رضا بالقضا کے حصول کے لیے پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِي وَيَقِينًا صَادِقًا حَتّٰى أَعْلَمَ أَنَّهُ لَا يُصِيبُنِي إِلَّا مَا كَتَبْتَ لِي وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِي

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ایسا ایمان جو میرے دل میں پیوست ہو جائے، ایسا یقین صادق جس کے بعد یہ حقیقت میرا علم بن جائے کہ مجھ پر صرف وہی تکلیف آئے گی جو تو نے میرے لیے لکھ دی ہے، اور میں تجھ سے استدعا کرتا ہوں کہ میرا یہ حال کر دے کہ زندگی کا جو سامان تو مجھے دے میں اس پر دل سے راضی رہوں۔[46]

استقامت کی دعا:۔

حضرت حسن رحمہ اللہ یہ دعا پڑھا کرتے تھے، لہٰذا اس کو بھی دین پر جمے رہنے کے لیے بطور ورد پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبُّنَا فَارْزُقْنَا الْاِسْتِقَامَةَ

---

[45] المعجم الاوسط للطبراني، 9/132، قاهرة

[46] المعجم الاوسط للطبراني، 6/118، قاهرة۔ مسند البزار، 12/18، مدينة

ترجمہ: اے میرے اللہ! تو ہی ہمارا رب ہے، ہمیں دین پر استقامت عطا فرما۔[47]

ہر مشکل کو آسان کرنے کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

ہر مشکل کو آسان کرنے کے لیے اور دنیا و آخرت کی بھلائی کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ الْطُفْ لِیْ فِیْ تَیْسِیْرِ کُلِّ عَسِیْرٍ فَإِنَّ تَیْسِیْرَ کُلِّ عَسِیْرٍ عَلَیْكَ یَسِیْرٌ وَأَسْأَلُكَ الْیُسْرَ وَالْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ

ترجمہ: اے اللہ! میری ہر دشواری کو آسان فرما کے مجھ پہ مہربانی فرما، ساری دشواریوں اور مشکلوں کو آسان کرنا تیرے لیے بالکل آسان ہے۔ اور میں تجھ سے استدعا کرتا ہوں دنیا و آخرت میں سہولت اور آسانی کے لیے اور کامل عافیت کے لیے۔[48]

نیک اعمال کرنے کی توفیق اور بد اعمال کو چھوڑنے کی توفیق مانگنا:۔

نیک اعمال کرنے کی توفیق اور بد اعمال کو چھوڑنے کی توفیق، اللہ کے مسکین بندوں سے محبت کی توفیق اور عذاب سے بچنے کے لیے یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِیْنِ وَإِذَا أَرَدْتَّ فِی النَّاسِ فِتْنَۃً فَاقْبِضْنِیْ إِلَیْكَ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ

[47] تفسیر القرطبي، 15/358، قاهرة. الزهد والرقائق، 1/507، بیروت

[48] المعجم الاوسط للطبراني، 2/61، قاهرة

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اچھے عمل کرنے کی توفیق اور برے اعمال کو چھوڑنے کی توفیق اور تیرے مسکین بندوں کے ساتھ محبت کرنے کی توفیق۔ اور اے اللہ! جب تیرا فیصلہ کسی قوم کو فتنہ اور عذاب میں مبتلا کرنے کا ہو تو مجھے اس فتنہ میں مبتلا کیے بغیر اپنی طرف اٹھا لے۔[49]

بہتر انجام اور دنیا و آخرت کی رسوائی سے بچنے کی دعا:۔

بہتر انجام اور دنیا و آخرت کی رسوائی سے بچنے کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے سارے کاموں کا انجام بہتر کر اور دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب ہمیں بچا اور ہماری حفاظت فرما۔[50]

دل، زبان اور آنکھوں کی حفاظت کی دعا:۔

دل، زبان، اعمال اور آنکھوں کی پاکیزگی کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكِذْبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ

---

[49] موطأ مالک 1/218، بیروت

[50] المعجم الکبیر للطبراني، 2/33، قاھرۃ

ترجمہ: اے اللہ! میرے دل کو نفاق سے، میرے اعمال کو ریاء کی آمیزش سے، میری زبان کو جھوٹ سے، اور میری آنکھوں کو نظر کی خیانت سے بالکل پاک صاف کر دے، تو آنکھوں کی خیانت اور دلوں کے رازوں کو بھی جانتا ہے، تجھ سے میری کوئی چیز مخفی نہیں۔[51]

اپنے ملک میں برکت کے حصول کی دعا:۔

اپنے ملک میں باران رحمت، برکت، امن وسکون کے لیے پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِيْ أَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا

ترجمہ: اے اللہ! ہماری زمین میں برکت عطا فرما، خوشنمائی عطا فرما اور امن وسکون بھی عطا فرما۔[52]

دین میں ثابت قدمی، نعمتوں کے شکر اور قلب سلیم کی طلب:۔

دین میں ثابت قدمی، نعمتوں کے شکر، معاملات کی سوجھ بوجھ، سچی زبان اور قلب سلیم کے حصول کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ وَأَسْأَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَأَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا وَّأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَأَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

ترجمہ: اے اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے استقامت اور ثابت قدمی دین کے معاملہ میں اور طلب کرتا ہوں اعلی صلاحیت اور سوجھ بوجھ میں پختگی اور تیری نعمتوں کی شکر کی اور حسن عبادت کی توفیق اور طالب ہوں تجھ سے لسان صادق اور قلب سلیم کا،

---

[51] الدعوات الکبیر، 1/350، غراس

[52] المعجم الکبیر للطبراني، 7/223، قاهرة

اور تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس شر سے جس کا تجھے علم ہے۔ اور سائل ہوں ہر اس خیر اور بھلائی کا جو تیرے علم میں ہے اور معافی اور مغفرت چاہتا ہوں اپنے ان سب گناہوں سے جو تجھے معلوم ہیں، تو ساری پوشیدہ باتوں کو بھی خوب جانتا ہے۔[53]

مغفرت، گھر اور رزق میں برکت کی طلب:۔

گناہوں کی مغفرت، گھر کی وسعت اور رزق میں برکت کے لیے رات کے وقت یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہ معاف فرمادے اور میرے لیے گھر میں وسعت فرما، اور تو نے جو رزق مجھے عطا فرمایا ہے اس میں میرے لیے برکت دے۔[54]

پاک صاف زندگی اور ڈھنگ کی موت کی طلب:۔

پاک صاف زندگی، ڈھنگ کی موت اور اللہ کی طرف اچھے انداز میں لوٹنے کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ عِیْشَةً نَقِیَّةً وَّمِیتَةً سَوِیَّةً وَمَرَدًّا غَیْرَ مُخْزٍ وَّلَا فَاضِحٍ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں پاک صاف زندگی اور ڈھنگ کی موت (جس میں کوئی بدنمائی نہ ہو) اور (اصلی وطن آخرت کی طرف) ایسی مراجعت جس میں رسوائی اور فضیحت نہ ہو۔[55]

علم نافع کی طلب اور دوزخ سے پناہ:۔

علم نافع کی طلب، ہر حال میں اللہ کا شکر اور دوزخ سے پناہ کے لیے پڑھیں۔

---

53 سنن الترمذي، 5/476، مصر

54 سنن الترمذي، 5/527، مصر

55 المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/725، بیروت

اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي وَزِدْنِي عِلْمًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّأَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ أَهْلِ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ! جو کچھ علم تو نے مجھے عطا فرمایا ہے اس کو میرے لیے نفع مند بنا دے (یعنی مجھے اس پر عمل کرنے کی توفیق دے) اور مجھے وہ علم عطا فرما جو میرے لیے نافع ہو اور میرے علم میں اضافہ فرما۔ اللہ کے لیے حمد و ستائش ہے ہر حال میں اور میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں دوزخیوں کے حال سے۔[56]

ہر دم اللہ کی نگرانی کی طلب:۔

ہر دم اللہ کی نگرانی میں رہنے اور ہر دم اچھی حالت اور نیک عمل کے دوام کی دعا۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِي إِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّي صَالِحَ مَا أَعْطَيْتَنِي

ترجمہ: اے اللہ! مجھے پل بھر کے لیے بھی میرے نفس کے حوالے نہ کر، اور جو کوئی اچھی چیز (اچھا عمل یا اچھا حال) تو نے مجھے عطا فرمایا ہے اس کو مجھ سے واپس نہ لے۔[57]

بڑھاپے کے لیے وسعت رزق کی دعا:۔

بڑھاپے میں وسعت رزق کے لیے یہ دعا بطور ورد پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّي وَانْقِطَاعِ عُمُرِي

---

[56] سنن الترمذي، 5/587، مصر

[57] مجمع الزوائد، 10/180، قاهرة

ترجمہ: اے اللہ! میرے بڑھاپے کے دنوں میں اور میری عمر کے آخری حصے میں میری روزی میں زیادہ سے زیادہ وسعت فرما۔[58]

حسن خاتمہ کی ایک شاندار دعا:۔

حسن خاتمہ کی ایک شاندار دعا جس کو نماز کے بعد پڑھنا مستحب ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَوَاتِيمَ عَمَلِي رِضْوَانَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَيْرَ أَيَّامِي يَوْمَ أَلْقَاكَ

ترجمہ: اے اللہ میری عمر کے آخری حصے کو میری زندگی کا بہترین حصہ کر دے، اور میرے آخری عمل میری زندگی کے بہترین عمل ہوں اور میرا سب سے اچھا دن وہ ہو جو تیرے حضور میں حاضری کا دن ہو۔[59]

امت مسلمہ میں اضافہ اور اللہ کی رضا کی طلب:۔

امت مسلمہ میں اضافہ، عزتوں کے حصول، ور اللہ کی رضا کے حصول کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَأَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَارْضِنَا وَارْضَ عَنَّا

ترجمہ: اے اللہ! ہماری تعداد میں زیادتی اور اضافہ فرما، کمی نہ فرما اور ہمیں عزت و عظمت عطا فرما، ہماری اہانت و ذلت نہ فرما، ہمیں اپنی ہر طرح کی نعمتیں عطا فرما، ہمیں محروم نہ فرما ہمیں اپنا لے، ہمارے مقابلے میں دوسروں کو ترجیح نہ دے، ہم سے راضی ہو جا اور ہمیں خوش کر دے۔[60]

---

[58] المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/726، بیروت
[59] المعجم الاوسط للطبراني، 9/157، قاھرۃ
[60] سنن الترمذي، 5/326، مصر

نفس مطمئنہ کی طلب

نفس مطمئنہ اور قناعت پسند طبیعت کے حصول کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ نَفْساً مُّطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَائِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَائِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَائِكَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں نفس مطمئنہ، یعنی ایسا نفس جس کو تیری طرف سے اطمینان اور جمعیت کی دولت نصیب ہو اور مرنے کے بعد تیرے حضور میں حاضری کا اس کو کامل یقین ہو اور تیرے فیصلوں پر وہ راضی و مطمئن ہو اور تیری طرف سے جو کچھ ملے وہ اس پہ قانع ہو۔[61]

مسلمانوں میں باہمی اتفاق و اتحاد کی طلب:۔

مسلمانوں میں باہمی اتفاق و اتحاد، ہدایت، اھل و عیال میں برکت، نعمتوں کی قدردانی کی توفیق اور نعمتوں کے اتمام کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ لَنَا وَمَا بَطَنَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَائِلِيْهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا

[61] الفتح الکبیر، 2/283، دار الفکر

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے آپس کے تعلقات درست فرمادے اور ہمارے دلوں کو جوڑ دے، اور ہمیں سلامتی کے راستوں پر چلا، اور ہر طرح کی گمراہیوں سے ہمیں نکال کر نور کی طرف لا، اور ظاہری و باطنی قسم کی ساری بے حیائیوں سے ہمیں بچا۔ اے اللہ! ہماری سماعت و بصارت اور ہمارے قلوب میں اور اسی طرح ہمارے بیوی بچوں میں برکت عطا فرما، اور ہماری توبہ قبول فرما کر ہم پر عنایت فرما، تو بڑا عنایت فرمانے والا بڑا مہربان ہے اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار اور ثناء خواں اور قدر کے ساتھ قبول کرنے والا بنا اور ہمیں اپنی وہ نعمتیں بھرپور عطا فرما۔[62]

نفس کی پرہیز گاری اور پاکیزگی کی طلب:۔

نفس کی پرہیز گاری اور پاکیزگی کے لیے یہ پڑھیں۔

رَبِّ أَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوَاهَا زَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا

ترجمہ: اے میرے رب! میرے نفس کو تقوی سے آراستہ فرما اور (اس کی گندگیاں دور فرما کر) اس کو پاکیزہ بنادے، تو ہی سب سے اچھا پاکیزہ بنانے والا ہے، تو ہی اس کا والی اور مالک و مولی ہے۔[63]

اللہ کے خوف سے رونے والی آنکھوں کی طلب:۔

اللہ کے غضب و خوف سے رونے والی آنکھوں کے حصول کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَشْفِيَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ أَنْ يَّكُوْنَ الدَّمْعُ دَمًا وَّالْأَضْرَاسُ جَمْرًا

[62] المعجم الکبیر للطبرانی، 10/191، قاھرۃ
[63] مسند أحمد، 42/492، الرسالۃ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے وہ آنکھیں نصیب فرما جو تیرے عذاب اور غضب کے خوف سے آنسوؤں کی بارش برسا کر دل کو سیراب کر دیں، اس گھڑی کے آنے سے پہلے جب بہت سی آنکھیں خون کے آنسو روئیں گی اور بہت سے مجرمین کی ڈاڑھیں انگارہ ہو جائیں گی۔[64]

سیدھے راستے کی طلب، اور اپنے نفس کے شر سے پناہ:۔

سیدھے راستے کی طلب، اور اپنے نفس کے شر سے پناہ کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ أَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَأَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ

ترجمہ: اے اللہ! میرے دل میں وہ ڈال جس میں میرے لیے بھلائی اور بہتری ہو، اور میرے نفس کے شر سے مجھے بچا، اور اپنی پناہ میں رکھ۔[65]

دین پر ثابت قدمی کی دعا:۔

دین پر ثابت قدم رہنے کے لیے یہ پڑھیں۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ

ترجمہ: اے دلوں کے پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت و قائم رکھ۔[66]

دین کی خاطر مضبوطی کی طلب:۔

اللہ کی رضا کے حصول کے لیے قوت، تیز رفتاری، خیر کی طرف مکمل توجہ، عزت اور دیگر ضروریات کے حصول کے لیے یہ پڑھیں۔

[64] الدعاء للطبراني، 429، العلمية۔ حلية الأولياء، 2/196، بيروت
[65] سنن الترمذي، 5/519، مصر
[66] سنن الترمذي، 4/448، مصر

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ ضَعِيفٌ فَخُذْ إِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْإِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَايَ اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ ضَعِيفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ ضَعْفِيْ وَإِنِّيْ ذَلِيلٌ فَأَعِزَّنِيْ وَإِنِّيْ فَقِيرٌ فَأَغْنِنِيْ

ترجمہ: اے میرے اللہ! میں تیرا ایک کمزور بندہ ہوں تو اپنی رضا طلبی کی راہ میں میری کمزوری کو قوت سے بدل دے (تاکہ میں پوری تندہی اور تیز رفتاری سے تیری رضا کے لیے کام کر سکوں) اور میری پیشانی پکڑ کر میرا رخ خیر کی طرف کر دے، اور اسلام کو میرا منتہائے رضا بنا دے (یعنی میری انتہائی خوشی یہ ہو کہ میں پورا پورا مسلم ہو جاؤں) اے میرے اللہ! میں ضعیف و ناتواں ہوں، تو میری ناتوانی کو توانائی سے بدل دے اور میں ذلت و پستی کے حال میں ہوں تو مجھے عزت بخش دے، اور میں فقیر و نادار ہوں تو مجھے میری ضروریات عطا فرما دے۔[67]

اپنے دل کو اطاعت کی طرف پھیرنے کی طلب:۔

اپنے دل کو اطاعت کی طرف پھیرنے کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ

ترجمہ: یا اللہ! ہمارے دلوں کو پھیرنے والے! ہمارے دل اپنی طاعت کی طرف پھیر دے۔[68]

نفس کی برائی سے حفاظت کی طلب:۔

نفس کی برائی سے حفاظت اور اپنی اصلاح کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى أَرْشَدِ أَمْرِيْ

---

67 المعجم الاوسط للطبراني، 6/346، قاهرة

68 صحیح مسلم، 4/2045، بیروت

ترجمہ: یااللہ! مجھے میرے نفس کی برائی سے محفوظ رکھ، اور مجھے میرے امور کی اصلاح کی ہمت دے۔[69]

دنیاو آخرت میں عافیت کی طلب:۔

دنیاو آخرت میں عافیت کے لیے یہ پڑھیں۔

اَسۡئَلُ اللهَ الۡعَافِيَةَ فِي الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ

ترجمہ: میں اللہ سے دنیاو آخرت دونوں میں عافیت مانگتا ہوں۔[70]

حبِ الٰہی کی طلب:۔

(مقصود اصلی) حبِ الٰہی اور محبوب ترین اعمال کے حصول کے لیے یہ پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيۡ أَسۡأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنۡ يُّحِبُّكَ وَالۡعَمَلَ الَّذِيۡ يُبَلِّغُنِيۡ حُبَّكَ اللّٰهُمَّ اجۡعَلۡ حُبَّكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنۡ نَفۡسِيۡ وَأَهۡلِيۡ وَمِنَ الۡمَاءِ الۡبَارِدِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں اور اس شخص کی محبت بھی جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور اس عمل کی (بھی) جو تیری محبت سے قریب کر دے، یااللہ! اپنی محبت مجھے پیاری کر دے میری جان سے اور میرے گھر والوں سے اور سرد پانی سے بھی بڑھ کر۔[71]

عافیت کی طلب اور مخلوق کے تسلط سے حفاظت کی دعا:۔

عافیت کی طلب اور ناقابل برداشت چیز کے تسلط سے پناہ کے لیے یہ پڑھیں۔

69 المعجم الکبیر للطبراني، 18/238، قاهرة
70 سنن الترمذي، 5/576، مصر
71 سنن الترمذي، 5/522، مصر

اَللّٰھُمَّ إِلٰهَ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَإِسْرَافِيلَ وَإِلٰهَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ عَافِنِي وَلَا تُسَلِّطَنَّ أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ لَّا طَاقَةَ لِي بِهِ

ترجمہ: یااللہ! جرئیل کے اور میکائیل کے اور اسرافیل کے معبود! ابراہیم کے اور اسمٰعیل کے اور اسحٰق کے معبود! مجھے عافیت دے اور میرے اوپر اپنی مخلوق میں سے کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کردے جس کی برداشت مجھ میں نہ ہو۔[72]

اہل سعادت میں سے ہونے کی دعا:۔

نیکی پہ خوش ہونے (بنا تکبر کے) اور برائی پہ افسردہ ہونے والوں جیسا بننے کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ الَّذِينَ إِذَا أَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوا وَإِذَا أَسَاءُوا اسْتَغْفَرُوا

ترجمہ: یااللہ! مجھے ان لوگوں میں سے کردے جو جب کوئی نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں اور جب کوئی برائی کرتے ہیں تو مغفرت چاہنے لگتے ہیں۔[73]

مسکین رہنے اور مسکینوں کی جماعت میں شامل رہنے کی دعا:

مسکین رہنے اور مسکینوں کی جماعت میں شامل رہنے کے لیے یہ پڑھیں۔

[72] مصنف ابن أبي شیبۃ، 6/23، الرشد

[73] مسند أحمد، 42/54، الرسالۃ

اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّأَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: یا اللہ! مجھے خاکسار بنا کر زندہ رکھ اور خاکساری ہی کی حالت میں موت لا، اور خاکساروں ہی مجھے قیامت کے دن اٹھا۔[74]

گناہ پر افسوس اور رحمت الٰہی کی پوری امید رکھنے کی دعا:۔

گناہ کی مغفرت اور رحمت الٰہی کی پوری امید رکھنے کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ أَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ وَرَحْمَتَكَ أَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ عَمَلِيْ

ترجمہ: اے اللہ! تیری بخشش بہت وسیع ہے میرے گناہوں سے اور تیری رحمت کی زیادہ امید ہے مجھے بنسبت اپنے عمل کے۔[75]

عافیت کی ایک جامع دعا:

صبح و شام عافیت کے لیے اور وبائی امراض وغیرہ سے حفاظت کے لیے بھی اس کو تین تین بار پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ! میرے بدن میں عافیت عطا فرما، اے اللہ! میرے کان میں عافیت عطا فرما، اے اللہ! میری نگاہ میں عافیت عطا فرما، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔[76]

---

[74] سنن الترمذي، 4/577، مصر
[75] المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/728، بیروت
[76] عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 65، بیروت

مستجاب الدعوات بننے کی دعا:۔

روزانہ ہر مؤمن مرد و عورت کے لیے 25(پچیس) یا 27(ستائیس) مرتبہ استغفار کریں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اور تمام مسلمان مرد و عورت کو بخش دے۔[77]

[77] مجمع الزوائد، 10/210، قاھرۃ۔ الفتح الکبیر، 3/150، بیروت

مسجد، اذان، وضو اور نماز سے متعلق دعائیں۔

وضو سے پہلے پڑھنے کی دعا:۔

جب وضو کرنا شروع کرے تو یہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ترجمہ: شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔[78]

بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ اس کا وضو ہی نہیں جس نے بِسۡمِ اللّٰهِ نہ پڑھی ہو۔

وضو کے درمیان پڑھنے کی دعا:۔

وضو کے درمیان یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡلِيۡ ذَنۡبِيۡ، وَوَسِّعۡ لِيۡ فِيۡ دَارِيۡ، وَبَارِكۡ لِيۡ فِيۡ رِزۡقِيۡ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہ بخش دے، اور میرے (قبر کے) گھر کو وسیع فرما، اور میرے رزق میں برکت دے۔[79]

---

78 مسند أبي داود الطيالسي ا/196، مصر، مشکاۃ شریف

79 عمل اليوم والليلة للنسائي، 172، بیروت

وضو کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

جب وضو کر چکے تو آسمان کی طرف منہ اٹھا کر یہ پڑھیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔[80]

اس کو وضو کے بعد پڑھنے سے پڑھنے والے کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جاتے ہیں، جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔

وضو کے بعد پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

وضو کے بعد یہ بھی پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ، وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بہت توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں میں شامل کر دے۔[81]

وضو کے بعد پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

وضو کے بعد یہ بھی پڑھیں۔

[80] عمل الیوم واللیلۃ للنسائی، 172، بیروت، مشکاۃ شریف
[81] سنن الترمذي، ا/78، مصر، حسن

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

ترجمہ: اے اللہ! تو پاک ہے، اور میں تیری تعریف بیان کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ صرف تو ہی معبود ہے میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں، اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں۔[82]

صبح کی نماز کے لیے نکلتے وقت کی دعا:۔

جب صبح کی نماز کے لئے نکلے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا وَّمِنْ خَلْفِيْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ عَصَبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا، وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْنِيْ نُوْرًا، وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا، اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا.

ترجمہ: اے اللہ! میرے دل میں نور کر دے، اور میری آنکھوں میں نور کر دے، اور میرے کانوں میں نور کر دے، اور میرے دائیں نور کر دے، اور میرے بائیں نور کر دے، اور میرے پیچھے نور کر دے، اور میرے آگے نور کر دے اور میرے لئے نور کر دے، اور میرے پٹھوں میں نور کر دے، اور میرے گوشت میں نور کر دے، اور میرے خون میں نور کر دے، اور میرے بالوں میں نور کر دے، اور میری کھال میں نور کر دے، اور میری زبان میں نور کر دے، اور میرے نفس میں نور کر دے، اور

[82] عمل الیوم واللیلۃ للنسائی، 172، بیروت، حسن

میرے لئے بڑانور مقرر کردے،اور مجھے نور کر دے،اور میرے اوپر نور کر دے،اور میرے نیچے نور کر دے،اے اللہ! مجھے نور عنایت فرما۔[83]

مسجد میں داخل ہونے کی ایک دعا:۔

جب مسجد میں داخل ہو تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

ترجمہ:اے اللہ!میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔[84]

مسجد میں داخل ہونے کی دوسری دعا:۔

جب مسجد میں داخل ہو تو حضور ﷺ پر درود و سلام بھیج کر یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ، وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

ترجمہ:اے رب!میرے گناہوں کو بخش دے،اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔[85]

مسجد میں بیٹھے بیٹھے پڑھنے کی دعا:۔

مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکْبَرُ

ترجمہ:اللہ پاک ہے،اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں،اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں،اور اللہ سب سے بڑا ہے۔[86]

---

[83] مشكاة المصابيح،ا/374،بیروت،مصابیح السنۃ،ا/423،بیروت،حصن حصین

[84] صحیح مسلم،2/155،بیروت

[85] سنن الترمذي،2/127،مصر

[86] سنن الترمذي،5/532،مصر،الدعاء للطبراني،484،بیروت،مسند أحمد،30/299،مؤسسۃ الرسالۃ

مسجد سے نکلنے کی دعا:۔

جب مسجد سے نکلے تو حضور ﷺ پر درود و سلام بھیج کر یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ، وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ

ترجمہ: اے رب! میرے گناہوں کو بخش دے، اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔ [87]

مسجد سے نکلنے کی مختصر دعا:۔

جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ [88]

اذان کے وقت پڑھنے کی دعا:۔

جب اذان کی آواز سنے تو یہ پڑھیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، رَضِيْتُ بِاللهِ رَبًّا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا

---

87 سنن الترمذي، 2/127، مصر

88 صحیح مسلم 1/494، بیروت، مصنف عبد الرزاق الصنعاني، 1/426، بیروت

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں، میں اللہ کو رب ماننے پر اور محمد ﷺ کو رسول ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر راضی ہوں۔[89]

حدیث شریف میں ہے کہ اذان کی آواز سن کر یہ دعا پڑھے تو اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔

اذان کے بعد کی دعا:۔

اذان ختم ہونے کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُودَنِ الَّذِي وَعَدْتَّهٗ، إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ

ترجمہ: اے اللہ! اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب! محمد ﷺ کو وسیلہ عطا فرما (جو جنت کا ایک درجہ ہے)، اور ان کو فضیلت عطا فرما، اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ بے شک تو وعدہ خلافی نہیں فرماتا ہے۔[90]

اس کے پڑھ لینے سے رسول اللہ ﷺ کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

تکبیرِ تحریمہ کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

فرائض، واجبات و سننِ موکدہ میں تکبیر تحریمہ کے بعد یہ ثناء پڑھنی چاہیے۔

---

89 صحیح مسلم ا/290، بیروت

90 صحیح البخاري، ٦/86، دمشق، مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، 2/561، لبنان، الحصن الحصین، 143، غراس، مشکاۃ شریف

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ، وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں، تیری تعریف کرتے ہیں، تیرا نام بہت برکت والا ہے، تیری شان بہت بلند ہے اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔[91]

تکبیرِ تحریمہ کے بعد پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

(نوافل وغیرہ میں) تکبیرِ تحریمہ کے بعد یہ دعا بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذَالِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَنْتَ رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ وَاهْدِنِي لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِي

[91] سنن الترمذي 2/11، مصر

يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

ترجمہ: میں نے تو سب سے یکسو ہو کر اپنا رخ اس ہستی کی طرف کر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا (فرمانبردار ہو کر)، میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ میری نماز میرے تمام مراسم عبودیت، میرا جینا اور مرنا سب اللہ ہی کے لیے ہے، جو سارے جہاں کا رب ہے، جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کا حکم دیا گیا ہے اور سب سے پہلے سر اطاعت جھکانے والا میں ہوں۔ اے اللہ! تو بادشاہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں۔ میں نے اپنی جان پر ظلم ڈھایا ہے، اور اپنے گناہوں کا اقرار کیا ہے، تو میرے سارے گناہوں کو بخش دے، بے شک تو ہی گناہوں کو بخشتا ہے، اور مجھے بہترین اخلاق کی ہدایت فرما، ان اخلاق حسنہ کی جانب صرف تو ہی رہنمائی کرنے والا ہے، بری عادتوں اور بد خلقی کو مجھ سے دور کر دے، صرف تو ہی ان بری عادتوں کو دور کرنے والا ہے۔ میں حاضر ہوں، تیرے حکم کی تعمیل کے لیے حاضر ہوں، تمام بھلائیاں تیرے ہاتھ میں ہیں، تیری طرف برائی کی نسبت نہیں کی جا سکتی، میں تیرا ہوں اور میرا اٹھکانا تیری ہی طرف ہے، تو بڑی برکت والا اور بہت بلند و بالا ہے، میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا اور تیرے حضور توبہ کرتا ہوں۔[92]

تکبیرِ تحریمہ کے بعد پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

تکبیرِ تحریمہ کے بعد یہ دعا بھی پڑھی جا سکتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ، كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

[92] سنن الترمذي 5/485، مصر

ترجمہ: اے اللہ! تو مجھ میں اور میرے گناہوں میں ایسی دوری کر دے جیسی دوری تو نے مشرق اور مغرب میں کر رکھی ہے، اے اللہ! تو مجھے میرے گناہوں کے میل کچیل سے ایسا پاک صاف کر جیسے سفید کپڑے کو میل کچیل سے پاک صاف کیا جاتا ہے، اے اللہ! تو میرے گناہوں کو پانی سے اور برف سے اور اولوں سے دھو ڈال۔[93]

تکبیرِ تحریمہ کے بعد پڑھی جانے والی چوتھی دعا:۔

(نوافل وغیرہ میں) تکبیرِ تحریمہ کے بعد یہ دعا بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ مِنْ هَمْزِهٖ، وَنَفْثِهٖ، وَنَفْخِهٖ

ترجمہ: اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے، اللہ کے لیے تعریف بہت زیادہ ہے، اللہ کے لیے تعریف بہت زیادہ ہے، اللہ کے لیے تعریف بہت زیادہ ہے، میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں صبح وشام، میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں صبح وشام، میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں صبح وشام، اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان سے، اس کے وسوسہ سے، اس کے بہکانے سے اور اس کی پھونک سے۔[94]

سورہ فاتحہ کی تکمیل پہ پڑھی جانے والی دعا:۔

نماز و غیر نماز میں ولا الضالین کے بعد (امام و مقتدی بھی) آہستہ آواز سے یہ کہیں۔

آمِيْن

93 صحیح البخاري، 1/149، دار طوق النجاة

94 مصنف ابن أبي شيبة، 6/19، مكتبة الرشد

ترجمہ: اے اللہ! قبول فرما۔[95]

جب امام آمین کہے تو مقتدی کو بھی آمین کہنا چاہیے، فرشتے بھی آمین کہتے ہیں تو جس کی آمین فرشتوں کی آمین کہنے کے ساتھ مل گئی تو اس کے پچھلے گناہ بخش دیے گئے۔

رکوع سے اٹھ جانے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

نماز میں (مقتدی اور منفرد) رکوع سے اٹھ جائیں تو یہ پڑھیں۔

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

ترجمہ: اے ہمارے رب! تیرے ہی لیے حمد و ثناء ہے۔[96]

رکوع سے اٹھ جانے کے بعد پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

نماز میں (مقتدی اور منفرد) رکوع سے اٹھ جائیں تو اس طرح بھی پڑھ سکتے ہیں۔

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور تیرے ہی لیے حمد و ثناء ہے۔[97]

رکوع سے اٹھ جانے کے بعد پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

نماز میں (مقتدی اور منفرد) رکوع سے اٹھ جائیں تو اس طرح بھی پڑھ سکتے ہیں۔

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ

---

95 سنن الترمذی 2/30,27، مصر
96 صحیح البخاری 1/145، دار طوق النجاۃ
97 صحیح البخاری 1/139، دار طوق النجاۃ

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور تیرے ہی لیے حمد و ثناء ہے، بہت حمد و ثناء پاکیزہ، بابرکت اس میں خیر و برکت ہے۔[98]

رکوع سے اٹھ جانے کے بعد پڑھی جانے والی چوتھی دعا:۔

نماز میں (مقتدی اور منفرد) رکوع سے اٹھ جائیں تو اس طرح بھی پڑھ سکتے ہیں۔

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، أَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ، أَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ، وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! تیرے ہی لیے تعریف ہے، ایسی تعریف جو آسمانوں کو بھر دے اور زمین کو بھر دے، اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے اس کو بھر دے، اور اس کے بعد جس چیز کو بھی تو چاہے، اے ثناء و بزرگی والے! جو بندہ نے کہا تو اس کا سب سے زیادہ مستحق ہے، اور ہم سب تیرے بندے ہیں، جو تو عطاء کرے اسے کوئی روکنے والا نہیں، اور جسے تو نے روک لیا اس کا کوئی دینے والا نہیں، اور کسی دولتمند کو اس کی دولت تیری پکڑ سے نہیں بچا سکتی۔[99]

سجدہ میں پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

نفلی نماز کے سجدہ میں یہ دعا مانگنا مستحب ہے اور نماز کے علاوہ بھی اس کا ورد کرنا پسندیدہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَأَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ

ترجمہ: اے اللہ! تو میرے تمام چھوٹے بڑے، اگلے پچھلے، کھلے ہوئے اور چھپے ہوئے گناہ بخش دے۔[100]

---

98 صحیح البخاری 1/159، دار طوق النجاۃ
99 صحیح مسلم 1/347، بیروت
100 صحیح مسلم، 1/350، بیروت

حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم (نفل) نماز کے سجدے میں یہ پڑھا کرتے تھے۔

سجدہ میں پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

سجدہ میں یہ دعا بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا، وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا، وَّاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا، وَّاجْعَلْ أَمَامِيْ نُوْرًا، وَّاجْعَلْ خَلْفِيْ نُوْرًا، وَّاجْعَلْ مِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا، وَّأَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا

ترجمہ: اے اللہ! میرے دل میں نور ڈال دے اور میری آنکھوں میں اور میرے کانوں میں نور بھر دے اور میری دائیں طرف نور کر دے اور میری بائیں طرف نور کر دے اور میرے نیچے نور کر دے اور میرے آگے اور میرے پیچھے نور کر دے اور میرے لئے نور کو عظیم کر دے۔[101]

جلسہ میں پڑھی جانے والی دعا:۔

دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھ کر یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے عافیت دے، مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔[102]

درود شریف کے بعد پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

---

101 مصنف ابن ابی شیبۃ، 6/29، ریاض

102 المستدرک علی الصحیحین للحاکم 1/393، العلمیۃ

اَللّٰھُمَّ أَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: اے اللہ قیامت کے دن اپنے یہاں آپ ﷺ کو باعزت مقام عطاء فرما۔[103]

حضور ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے: جو شخص محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجے اور یوں کہے: اے اللہ قیامت کے دن اپنے یہاں آپ ﷺ کو باعزت مقام عطاء فرما، تو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگی۔

ود شریف کے بعد پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

ترجمہ: اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، جہنم کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں، زندگی اور موت کی آزمائش سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور مسیح دجال کی آزمائش سے (بھی) تیری پناہ مانگتا ہوں۔[104]

درود شریف کے بعد پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَسْرَفْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

---

[103] المعجم الأوسط، 3/321، قاھرۃ

[104] صحیح مسلم 1/412، بیروت

ترجمہ: اے اللہ! معاف فرما میرا ہر وہ گناہ جو میں نے پہلے کیا ہو یا بعد میں، جو میں نے خفیہ طریقے پر کیا ہو یا اعلانیہ، اور میری ہر زیادتی کو اور ان گناہوں کو معاف فرما، جن کا تجھ کو مجھ سے زیادہ علم ہے، تو ہی آگے کرنے والا ہے، اور تو ہی پیچھے کرنے والا، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔[105]

درود شریف کے بعد پڑھی جانے والی چوتھی دعا:۔

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیٓ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، اَللّٰھُمَّ إِنِّیٓ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

ترجمہ: اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور مسیح دجال کی آزمائش سے (بھی) تیری پناہ مانگتا ہوں، اور زندگی اور موت کی آزمائش سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور اے اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں گناہ اور تاوان سے۔[106]

درود شریف کے بعد پڑھی جانے والی پانچویں دعا:۔

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا، وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ، وَارْحَمْنِیْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

---

105 صحیح مسلم 1/534، بیروت

106 صحیح البخاری 1/166، دار طوق النجاۃ

ترجمہ: اے اللہ! میں نے اپنی جان پر (گناہ کر کے) بہت زیادہ ظلم کیا پس گناہوں کو تیرے سوا کوئی دوسرا معاف کرنے والا نہیں۔ مجھے اپنے پاس سے بھرپور مغفرت عطا فرما اور مجھ پر رحم کر کہ مغفرت کرنے والا اور رحم کرنے والا بیشک وشبہ تو ہی ہے۔[107]

درود شریف کے بعد پڑھی جانے والی چھٹی دعا:۔

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ بِاللهِ الْأَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ، وَلَمْ یُولَدْ، وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا أَحَدٌ، أَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں، اے اللہ تجھی سے، اس لیے کہ تو ہی ایک ایسا تن تنہا بے نیاز ہے جس نے نہ تو کسی کو جنا ہے، اور نہ ہی وہ جنا گیا ہے، اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے، لہٰذا تو میرے گناہوں کو بخش دے، تو ہی غفور ورحیم یعنی بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔[108]

درود شریف کے بعد پڑھی جانے والی ساتویں دعا:۔

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ کُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ، اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ

---

107 صحیح البخاری 1/166، دار طوق النجاۃ
108 المستدرک علی الصحیحین للحاکم 1/400، العلمیۃ

أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ، رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ، رَبَّنَا إِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ، وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے ہر قسم کی خیر طلب کرتا ہوں جس کو میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا، اور ہر قسم کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں جس کو میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا، اور تجھ سے ہر وہ خیر طلب کرتا ہوں جو تیرے نیک بندوں نے طلب کی اور ہر اس شر سے پناہ مانگتا ہوں جس سے تیرے نیک بندوں نے پناہ مانگی، اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں آخرت میں (بھی) بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا، اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے، اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہم سے ہماری برائیاں دور کر دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ موت دے، اور ہمیں دے وہ جس کا تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے اپنے رسولوں کی معرفت اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر بے شک تو وعدہ خلاف نہیں کرتا۔[109]

درود شریف کے بعد پڑھی جانے والی آٹھویں دعا (سید الاستغفار)

درود شریف کے بعد یہ دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِيْ فَأَنَا عَبْدُكَ أَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ

[109] مصنف ابن أبي شيبة، 1/264، ریاض، سورۃ البقرۃ، 201، سورۃ آل عمران 16، 195

ترجمہ: اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا میرا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا، پس میں تیرا بندہ ہوں، میں اپنی استطاعت بھر تجھ سے کیے ہوئے وعدہ و اقرار پر قائم ہوں، اور میں تیری ذات کے ذریعہ اپنے کئے کے شر سے پناہ مانگتا ہوں تو نے مجھے جو نعمتیں دی ہیں، ان کا اقرار اور اعتراف کرتا ہوں، میں اپنے گناہوں کو تسلیم کرتا ہوں تو میرے گناہوں کو معاف کر دے، کیونکہ گناہ تو بس تو ہی معاف کر سکتا ہے۔[110]

فرض نماز کے بعد پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

فرض نماز کے بعد سر پہ داہنا ہاتھ رکھے اور یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ، اَللّٰهُمَّ أَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

ترجمہ: میں نے اللہ کے نام کے ساتھ نماز ختم کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں، (اور) جو رحمن و رحیم ہے۔[111]

فرض نماز کے بعد پڑھی جانے والی دوسری دعا:

تین بار اَسْتَغْفِرُ اللهَ کہے اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

ترجمہ: اے اللہ! تو سلامت رہنے والا ہے، اور تجھ ہی سے سلامتی مل سکتی ہے تو بابرکت ہے، اے بزرگی اور عظمت والے۔[112]

---

110 مسند البزار، 10/336، مدینة

111 المعجم الأوسط، 3/289، قاهرة، الدعاء للطبراني، 1/210، بیروت، حصن حصین

112 صحیح مسلم 2/95، بیروت، بخاری و مسلم

فرض نماز کے بعد پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

تین بار اَسْتَغْفِرُ اللهَ کہے اور یہ دعا پڑھیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو تنہا ہے، اور جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک ہے، اور اسی کے لئے سب تعریفیں ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔[113]

فرض نماز کے بعد پڑھی جانے والی چوتھی دعا:۔

تین بار اَسْتَغْفِرُ اللهَ کہے اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

ترجمہ: اے اللہ! جو تو دے اس کا کوئی روکنے والا نہیں، اور جو تو روکے اس کا کوئی دینے والا نہیں، اور کسی مالدار کو تیرے عذاب سے اس کی مالداری نہیں بچا سکتی۔[114]

فرض نماز کے بعد پڑھی جانے والی پانچویں دعا:۔

تین بار اَسْتَغْفِرُ اللهَ کہے اور یہ دعا پڑھیں۔

---

113 صحیح مسلم 2/95، بیروت، بخاری

114 صحیح مسلم 2/95، بیروت، ابن ماجۃ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بزدلی سے، اور پناہ چاہتا ہوں کنجوسی سے، اور پناہ چاہتا ہوں نکمی عمر سے، اور پناہ چاہتا ہوں دنیا کے فتنہ سے اور قبر کے عذاب سے۔[115]

فرض نماز کے بعد پڑھی جانے والی چھٹی دعا:۔

تین بار اَسْتَغْفِرُ اللہ کہے اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

ترجمہ: اے اللہ! میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر کروں، اور تیرا شکر ادا کروں، اور تیری اچھی عبادت کروں۔[116]

چاشت کی نماز کے بعد پڑھنے کی دعا:۔

چاشت کی نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ، وَبِكَ اُصَاوِلُ، وَبِكَ اُقَاتِلُ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ ہی سے اپنے مقاصد کی کامیابی طلب کرتا ہوں، اور تیری ہی مدد سے دشمنوں پر حملہ کرتا ہوں، اور تیری ہی مدد سے جہاد کرتا ہوں۔[117]

---

[115] سنن الترمذي، 5/562، بیروت، مشکاۃ شریف
[116] سنن أبي داود، 1/561، بیروت
[117] صحیح ابن حبان، 11/72، بیروت، الحصن الحصین، 19، مصر

وتر کے بعد پڑھنے کی دعا:۔

وتر کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھے، اور تیسری بار بآواز بلند کہے اور قدّوس کی دال کو خوب کھینچے۔

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ

ترجمہ: پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ کی (یعنی اللہ کی) جو بہت زیادہ پاک ہے۔[118]

نماز فجر اور مغرب کے بعد پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

نماز فجر اور مغرب کے بعد کسی سے بات کیے بغیر سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ مجھے دوزخ سے محفوظ فرما۔[119]

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نماز فجر اور مغرب کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ یہ پڑھ لیا کرو، اگر اس دن یا رات میں مر جاؤ گے تو تمہاری دوزخ سے ضرور خلاصی ہوگی۔

نماز فجر اور مغرب کے بعد پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

نماز فجر اور مغرب کے بعد ٹانگیں موڑے بغیر دس مرتبہ یا اس سے بھی زیادہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

---

118 سنن أبي داود، 1/538، بیروت، حصن

119 سنن أبي داود، 4/481، بیروت، مشکاۃ شریف

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو تنہا ہے، اور جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک ہے، اور اسی کے لئے سب تعریف ہے، اسی کے ہاتھ میں خیر ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔[120]

ایک حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نماز فجر اور مغرب کے بعد ٹانگیں موڑے بغیر جو شخص دس مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے تو اس کے لئے ہر مرتبہ کے بدلے دس نیکیاں لکھی جائیں گی، اور اس کے دس گناہ (نامۂ اعمال) سے مٹادیے جائیں گے، اور اس کے دس درجے بلند کر دیے جائیں گے، اور ہر بری چیز سے اور شیطان مردود سے محفوظ رہے گا اور شرک کے سوا کوئی گناہ اسے ہلاک نہ کر سکے گا، اور وہ سب لوگوں سے افضل رہے گا۔ ہاں! اگر کوئی اس سے زیادہ پڑھ کر آگے بڑھ جائے تو اور بات ہے۔

120 مسند احمد بن حنبل، 4/227، قاھرۃ، مشکاۃ شریف

رمضان، روزہ اور افطار سے متعلق دعائیں۔

دخول رمضان کی دعا:۔

جب رمضان شروع ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِیْ لِرَمَضَانَ وَسَلِّمْ رَمَضَانَ لِیْ وَتَسَلَّمْہُ مِنِّیْ مُتَقَبَّلًا

ترجمہ: اے اللہ! آپ مجھے اس مہینے میں (گناہوں سے) بچا لیجیے، اور مجھے رمضان تک پہنچا دیجیے، اور اور اس مہینے کی (عبادات) کو میری طرف سے قبول فرمائیے۔[121]

جب رمضان المبارک کا مہینہ آتا تو آپ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کو مذکورہ بالا دعا سکھلاتے تھے۔

دخول رمضان کی دوسری دعا:۔

جب رمضان شروع ہونے والا ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ أَظَلَّ شَھْرُ رَمَضَانَ وَحَضَرَ، فَسَلِّمْہُ لِیْ وَسَلِّمْنِیْ فِیْہِ، وَتَسَلَّمْہُ مِنِّیْ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ صِیَامَہٗ وَقِیَامَہٗ صَبْرًا وَّاحْتِسَابًا وَّارْزُقْنِیْ فِیْہِ الْجِدَّ وَالِاجْتِھَادَ وَالْقُوَّۃَ وَالنَّشَاطَ وَأَعِذْنِیْ فِیْہِ مِنَ السَّاٰمَۃِ

---

[121] الدعاء للطبرانی،284، العلمیۃ

وَالْفَتْرَةِ وَالْكَسَلِ وَالنُّعَاسِ وَوَفِّقْنِي فِيهِ لِلَيْلَةِ الْقَدْرِ وَاجْعَلْهَا خَيْرًا لِّي مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ

ترجمہ: اے اللہ! رمضان کا مہینہ قریب آ گیا، پس آپ اس مہینے کو میری سلامتی کا ذریعہ بنائیے اور مجھے اس مہینے میں گناہوں سے محفوظ فرمائیے اور میری طرف سے اسے سلامتی والا بنائیے۔ اے اللہ! مجھے صبر اور اجر کی امید کے ساتھ اس کے روزے اور راتوں کی عبادت کی توفیق عطا فرمائیے، اور اس مہینے میں مجھے کوشش کرنے کی، محنت کرنے کی، طاقت کی اور چستی کی توفیق عطا فرمائیے، اور مجھے بچا لیجیے اس مہینے میں اکتاہٹ، تھکنے، سستی اور اونگھنے سے، اور اس مہینے میں مجھے شب قدر نصیب فرمائیے جس کو آپ نے ہزار مہینے سے بہتر بنایا ہے۔[122]

روایت ہے کہ مسلمان رمضان کا مہینہ داخل ہونے پر مندرجہ بالا دعا پڑھا کرتے تھے۔

رمضان میں پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

رمضان میں یہ دعا پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ

ترجمہ: اے اللہ تو معاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند کرتا ہے، پس مجھے معاف فرمادے۔[123]

افطاری کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب روزہ افطار کرنے لگے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ، وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

[122] الدعاء للطبراني، 284، العلمية

[123] الدعاء للطبراني، 285، العلمية

ترجمہ: اے اللہ! میں نے تیرے لیے ہی روزہ رکھا، اور تیرے ہی دیے ہوئے رزق پر کھولا۔[124]

افطاری کے وقت پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

جب روزہ افطار کرنے لگے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِرَحۡمَتِكَ الَّتِیۡ وَسِعَتۡ كُلَّ شَیۡءٍ اَنۡ تَغۡفِرَلِیۡ ذُنُوۡبِیۡ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیری اس رحمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں، جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے کہ تو میرے گناہ معاف فرمادے۔[125]

افطاری کے وقت پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

افطار کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

ذَهَبَ الظَّمَأُ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللهُ

ترجمہ: پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہو گئیں، اور ان شاء اللہ ثواب ثابت ہو چکا۔[126]

کسی کے ہاں افطاری کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

اگر کسی کے یہاں افطار کرے تو یہ دعا پڑھیں۔

---

124 سنن أبي داود، 2/278، بیروت
125 سنن ابن ماجہ، ا/557، داراحیاء الکتب، الحصن الحصین، 19، مصر
126 الحصن الحصین، 19، مصر، ابوداؤد

اَفْطَرَ عِنْدَ کُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَاَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلَائِکَۃُ

ترجمہ: تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں، اور نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں، اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔[127]

شب قدر کی دعا:۔

شب قدر میں یوں دعا مانگیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

ترجمہ: اے اللہ! بلاشبہ تو معاف کرنے والا ہے، معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، لہذا تو مجھے معاف فرمادے۔[128]

127 الحصن الحصین، 19، مصر

128 سنن الترمذي، 5/534، مصر، الحصن الحصین، 251، غراس

حج، عمرہ اور قربانی سے متعلق دعائیں۔

حج کا تلبیہ:۔

لَبَّيْكَ، اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ

ترجمہ: میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں ہے، میں حاضر ہوں، بے شک حمد اور نعمت تیرے ہی لیے ہے اور ملک بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔[129]

جب کعبہ شریف پر نظر پڑے:۔

جب کعبہ شریف پر نظر پڑے تو رفع یدین کر کے تکبیر پڑھے اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ فَحَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ اَللّٰهُمَّ زِدْ هٰذَا الْبَيْتَ تَشْرِيْفًا وَّتَعْظِيْمًا وَّمَهَابَةً وَّزِدْ مَنْ حَجَّهُ أَوِ اعْتَمَرَهُ تَكْرِيْمًا وَّتَشْرِيْفًا وَّتَعْظِيْمًا وَّبِرًّا

[129] مشکاۃ المصابیح، 2/779، بیروت، مصنف ابن أبي شیبة، 3/203، مکتبۃ الرشد، الحصن الحصین، 213، غراس

ترجمہ: اے اللہ! تو سلامت رہنے والا ہے، اور تجھ ہی سے سلامتی مل سکتی ہے، پس ہمیں زندہ رکھ اے ہمارے پروردگار! سلامتی کے ساتھ۔ اے اللہ! اپنے اس گھر کی شرافت، تعظیم و تکریم اور بھلائی اور ہیبت میں خوب زیادتی فرمایئے اور جو اس کی زیارت کرے خواہ حج کرنے والا یا عمرہ کرنے والا ہو اس کی عظمت، شرافت، نیکی اور ہیبت میں اضافہ فرمایئے۔[130]

دوران طواف پڑھی جانے والی دعا:۔

دوران طواف یہ بھی پڑھتا رہے۔

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

ترجمہ: اللہ کی ذات پاک ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اور نہیں ہے کسی قسم کی قوت اور طاقت مگر اللہ کی مدد سے۔[131]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بیت اللہ کا طواف کرے اور کوئی گفتگو نہ کرے مگر یہ مذکورہ بالا کلمات پڑھتا رہے تو اس کے دس گناہ معاف ہوتے ہیں اور دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور دس درجے بلند ہوتے ہیں۔

طواف کے آخری چار چکروں میں پڑھی جانے والی دعا:۔

دوران طواف آخری چار چکروں میں یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاعْفُ عَمَّا تَعْلَمُ وَأَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

---

130 السنن الکبری للبیھقی، 5/118، بیروت

131 سنن ابن ماجۃ، 4/182,183 الرسالۃ

ترجمہ: اے اللہ! ہماری مغفرت فرما، ہم پر رحم فرما اور ہم سے درگزر فرما جو آپ گناہ جانتے ہیں، آپ ہی معزز اور کرم والے ہیں، اے اللہ! ہمیں دنیا و آخرت کی بھلائیاں عطا فرما، اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔[132]

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں طواف کے آخری چار چکروں میں مذکورہ بالا دعا پڑھنا پسند کرتا ہوں۔

رمل کرتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

دوران طواف رمل کرتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا

ترجمہ: اے اللہ! حج کو قبول فرما اور گناہوں کو معاف فرما اور محنت (سعی) کا بہترین بدلہ عطا فرما۔[133]

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں دوران رمل مذکورہ بالا دعا پڑھنا پسند کرتا ہوں۔

حجر اسود کے استلام کے وقت کی دعا:۔

حجر اسود کو استلام اور طواف کی ابتداء میں یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ وَاللهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ إِيْمَانًا بِكَ وَتَصْدِيْقًا بِكِتَابِكَ وَوَفَاءً بِعَهْدِكَ وَاتِّبَاعًا لِّسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ سب سے بڑا ہے، اے اللہ! آپ پر ایمان لاتے ہوئے آپ کی کتاب کی تصدیق کرتے ہوئے اور آپ کے نبی علیہ السلام کی سنت پر عمل کرتے ہوئے۔[134]

حضرت علی اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ پڑھنا ثابت ہے۔

---

[132] السنن الکبری للبیھقي، 5/211، بیروت
[133] السنن الکبری للبیھقي، 5/137، بیروت
[134] الأذکار للنووي، 194، بیروت

رکن یمانی سے حجر اسود کے درمیان کی دعا:۔

دوران طواف رکن یمانی سے حجر اسود کے درمیان یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ:اے ہمارے پروردگار!ہمیں دنیاو آخرت کی بھلائیاں عطا فرما اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔[135]

رکن یمانی سے حجر اسود کے درمیان پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

دوران طواف رکن یمانی سے حجر اسود کے درمیان یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلٰی کُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ

ترجمہ:اے پروردگار!عطا کردہ رزق پر مجھے قناعت عطا فرما اور اس میں برکت عطا فرما اور میری غیبوبت پہ اچھائی کے ساتھ نگہبانی فرما۔[136]

صفا پہاڑی کے قریب پڑھی جانے والی دعا:۔

سعی شروع کرتے وقت جب صفا پہاڑی کے قریب ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ اَبْدَءُ بِمَا بَدَأَ اللهُ بِهٖ

ترجمہ:صفا اور مروہ اللہ کی اہم علامتوں میں سے ہیں،شروع کرتا ہوں جس طرح اللہ نے شروع کیا۔[137]

135 السنن الکبری للبیھقی،5/137،بیروت
136 المستدرک علی الصحیحین للحاکم،1/626،بیروت
137 السنن الکبری للنسائی،4/142،الرسالۃ

صفا پہاڑی پر پڑھی جانے والی دعا:۔

سعی شروع کرتے وقت جب صفا پہاڑی پہ چڑھیں تو بیت اللہ شریف کی طرف نظر کرتے ہوئے تکبیر و تہلیل پڑھیں اور یہ دعا پڑھیں۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ

ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے تمام تعریفات ہیں، وہ ہر شئ پہ قادر ہے، کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تنہا لشکر کفار کو شکست دی۔[138]

اس کے بعد آپ ﷺ دعا مانگا کرتے اور اس طرح تین بار کرتے۔

صفا پہاڑی پر پڑھی جانے والی ایک اور دعا:۔

صفا پہاڑی پر یہ دعا بھی پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِي عَلٰى سُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَوَفَّنِي عَلٰى مِلَّتِهِ وَأَعِذْنِي مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اپنے نبی ﷺ کی سنت پر زندہ رکھ اور حضور ﷺ ہی کے طریق پر وفات عطا فرما اور گمراہ کن فتنوں سے مجھے پناہ عطا فرما۔[139]

---

138 السنن الکبری للنسائی، 4/142، الرسالۃ

139 السنن الکبری للبیھقی، 5/154، بیروت

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ صفا پہاڑی پر یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

دوران سعی پڑھی جانے والی دعا:۔

دوران سعی میلین اخضرین کے یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ

ترجمہ: اے پروردگار! میری مغفرت فرما اور رحم فرما آپ ہی سب سے زیادہ عزت والے اور سب سے زیادہ کرم فرمانے والے ہیں۔[140]

مروہ پہاڑی پر پڑھی جانے والی دعا:۔

دوران سعی جب مروہ پہاڑی پہ چڑھیں تو بیت اللہ شریف کی طرف نظر کرتے ہوئے تکبیر و تہلیل پڑھیں اور یہ دعا پڑھیں۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ

ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے تمام تعریفات ہیں، وہ ہر شئی پہ قادر ہے، کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تنہا لشکر کفار کو شکست دی۔[141]

اس کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم دعا مانگا کرتے اور اس طرح تین بار کرتے۔

---

140 الدعاء للطبرانی، 272، العلمیۃ

141 السنن الکبری للنسائی، 4/142، الرسالۃ

مروہ پہاڑی کے قریب پڑھی جانے والی دعا:۔

دوران سعی جب مروہ پہاڑی کے قریب ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ

ترجمہ: صفا اور مروہ اللہ کی اہم علامتوں میں سے ہیں۔[142]

یوم عرفہ کی خاص دعا:۔

یوم عرفہ (9 ذی الحج) کو اس دعا کا اہتمام کیا جائے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی ایک معبود ہے، کوئی اس کا ساجھی اور شریک نہیں، اسی کی فرمانروائی ہے، صرف اسی کے لیے حمد وستائش سزاوار ہے اور ہر چیز اس کے زیر قدرت ہے۔[143]

یوم عرفہ کی دوسری دعا:۔

یوم عرفہ کی شام کو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ وَتَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ أَمْرِيْ وَأَنَا الْبَائِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ

---

142 السنن الکبری للنسائی، 4/142، الرسالۃ

143 سنن الترمذي، 5/572، مصر۔ الحصن الحصین، 215، مصر

الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِهِ، أَسْأَلُكَ مَسْأَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وأَبْتَهِلُ إِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَأَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ الضَّرِيْرِ وَدُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ جَسَدُهٗ وَرَغِمَ لَكَ أَنْفُهٗ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعائِكَ شَقِيًّا وَّ كُنْ بِيْ رَؤُوْفًا رَّحِيْمًا يَّا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ

ترجمہ: اے اللہ! تو میری بات سنتا ہے اور میں جہاں جس حال میں ہوں تو اس کو دیکھتا ہے، اور میرے ظاہر و باطن سے تو باخبر ہے، تجھ سے میری کوئی بات ڈھکی چھپی نہیں۔ میں دکھی ہوں، محتاج ہوں، فریادی ہوں، پناہ جو ہوں، ترساں ہوں، ہراساں ہوں، اپنے گناہوں کا اقراری ہوں۔ تجھ سے سوال کرتا ہوں جیسے کوئی عاجز مسکین بندہ سوال کرتا ہے۔ تیرے آگے گڑگڑاتا ہوں جیسے گناہ گار ذلیل و خوار گڑگڑاتا ہے۔ اور تجھ سے دعا کرتا ہوں جیسے کوئی خوف زدہ آفت رسیدہ دعا کرتا ہے۔ اور اس بندے کی طرح مانگتا ہوں جس کی گردن تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو اور آنسو بہہ رہے ہوں اور تن بدن سے وہ تیرے آگے فروتنی کیے ہوئے ہو اور اپنی ناک تیرے سامنے رگڑ رہا ہو۔ اے اللہ! تو مجھے اس دعا مانگنے میں ناکام و نامراد نہ رکھ اور میرے حق میں بڑا مہربان اور رحیم ہو جا۔ اے ان سب سے بہتر و برتر جن سے مانگنے والے مانگتے ہیں اور جو مانگنے والوں کو دیتے ہیں۔[144]

یوم عرفہ کی تیسری دعا:۔

مقام عرفہ میں عصر کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

144 المعجم الکبیر للطبرانی، 11/174، قاھرۃ۔ الفتح الکبیر، 1/223، دار الفکر

اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى وَوَفِّقْنِيْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِيْ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْأُوْلٰى

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی کے لیے تمام تعریفات ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ یکتا ہے، اسی کی بادشاہی ہے، اور اسی کے لیے تمام تعریفات ہیں، اے اللہ! سیدھے راستے کی طرف میری رہنمائی فرما، اور مجھے تقوی کی توفیق عطا فرما، اور میری مغفرت فرما دنیا اور آخرت میں۔[145]

رمی جمرہ کی دعا:۔

جمرۃ عقبہ کی رمی (کنکری مارتے وقت اللہ اکبر اور اس) کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا

ترجمہ: اے اللہ! حج کو قبول فرما اور گناہوں کو معاف فرما۔[146]

قربانی پیش کرنے والے کو دی جانے والی دعا:۔

جب کوئی اہل ومال کی قربانی پیش کرے تو اس کے لیے یوں دعا کریں۔

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ

ترجمہ: اللہ آپ کے اہل ومال میں برکت دے۔[147]

---

145 مصنف ابن أبي شيبة، 3/333، مكتبة الرشد
146 السنن الكبرى للبيهقي، 5/211، بيروت
147 عمل اليوم والليلة لابن السني، 164، بيروت

جنت البقیع کا مسنون سلام:۔

جنت البقیع میں یہ دعا پڑھیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَأَتَاكُمْ مَّا تُوعَدُوْنَ غَدًا مُّؤَجَّلُوْنَ وَإِنَّآ إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأَهْلِ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ

ترجمہ: سلامتی ہو تم پر اے قوم مؤمن کے گھر والو! تمہارے پاس وہ آگیا جس کا تم سے کل وعدہ کیا گیا تھا، جس کا وقت مقرر تھا، اور ان شاء اللہ ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں، اے اللہ! اہل بقیع غرقد کی مغفرت فرما۔[148]

[148] صحیح مسلم، 2/669، بیروت

سفر کی دعائیں۔

سفر کے ارادے کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب سفر کا ارادہ کرے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ اَسِیْرُ

ترجمہ:اے اللہ!میں تیری ہی مدد سے (دشمنوں پر) حملہ کرتا ہوں، اور تیری ہی مدد سے (ان کے دفع کرنے کی) تدبیر کرتا ہوں، اور تیری ہی مدد سے چلتا ہوں۔[149]

سوار ہوتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب سوار ہونے لگے، اور رکاب (یا پائیدان) پر قدم رکھے، تو بِسْمِ اللهِ کہے، اور جب جانور کی پشت (یا سیٹ) پر بیٹھ جائے، تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے، پھر یہ آیت پڑھیں۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَإِنَّآ إِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

ترجمہ:اللہ پاک ہے جس نے اس کو ہمارے قبضے میں دے دیا، اور ہم (اس کی قدرت کے بغیر) اسے قبضہ میں کرنے والے نہ تھے، اور بلاشبہ ہم کو اپنے رب کی طرف ضرور جانا ہے۔[150]

---

[149] الحصن الحصین، 203، غراس

[150] مشکاۃ المصابیح 2/752، بیروت، الحصن الحصین، 204، غراس

سفر کو روانہ ہوتے وقت پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

جب سفر کو روانہ ہونے لگے تو یہ دعا بھی پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے اس سفر کو ہم پر آسان فرمادے، اور اس کا راستہ جلدی جلدی طے کرادے، اے اللہ! تو سفر میں ہمارا ساتھی ہے اور ہمارے پیچھے گھر کا کارساز۔[151]

سفر کو روانہ ہوتے وقت پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

اور جب سفر کو روانہ ہونے لگے تو یہ دعا بھی پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْأَهْلِ وَالْوَلَدِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سفر کی مشقت سے، اور بری حالت کے دیکھنے سے اور واپس ہو کر مال میں یا اولاد میں برائی دیکھنے سے، اور بننے کے بعد بگڑنے سے اور مظلوم کی بد دعا سے۔[152]

سوار ہونے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

سوار ہونے کے بعد تین بار اَلْحَمْدُ لله، اور تین بار اَللّٰهُ اَكْبَر کہے، اور پھر یہ پڑھیں: (اور اس دعا کو پڑھ کر مسکرانا بھی مستحب ہے۔)

---

151 ترمذی، الحصن الحصین، 205، غراس

152 الحصن الحصین، 205، غراس، صحیح مسلم، 2/979، بیروت

سُبْحَانَكَ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَإِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ

ترجمہ: اے خدا تو پاک ہے، بے شک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا تو مجھے بخش دے کیوں کہ صرف تو ہی گناہ بخشتا ہے۔[153]

مطلوبہ شہر یا بستی نظر آجانے پہ پڑھی جانے والی دعا:۔

جس شہر یا بستی جانا ہو جب وہ نظر آئے تو یہ دعا پڑھیں۔

أَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْأَرْضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، فَإِنَّا نَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ أَهْلِهَا، وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ أَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا

ترجمہ: اے اللہ! جو ساتوں آسمانوں اور ان سب چیزوں کا رب ہے جو آسمان کے نیچے ہیں، اور جو ساتوں زمینوں اور ان سب چیزوں کا رب ہے جو ان کے اوپر ہیں اور جو شیطانوں کا اور ان سب کا رب ہے جن کو شیطان نے گمراہ کیا ہے، اور جو ہواؤں کا اور ان چیزوں کا رب ہے جنہیں ہواؤں نے اڑایا ہے، سو ہم تجھ سے اس آبادی کی اور اس کے باشندوں کی خیر کا سوال کرتے ہیں، اور اس کے شر سے اور اس کی آبادی کے شر سے اور ان چیزوں کے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں جو اس کے اندر ہیں۔[154]

کسی شہر یا بستی میں داخل ہوتے وقت پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

جب کسی شہر یا بستی میں داخل ہونے لگے تو یہ دعا بھی پڑھیں۔

---

153 مشکاۃ المصابیح 2/752، بیروت، الحصن الحصین، 204، غراس

154 الحصن الحصین، 210، 209، غراس

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا وَحَبِّبْنَا إِلٰى أَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِيْ أَهْلِهَا إِلَيْنَا

ترجمہ: اے اللہ! تو ہمیں اس کے میوے نصیب فرما، اور یہاں کے باشندوں کے دلوں میں ہماری محبت اور یہاں کے نیک لوگوں کی محبت ہمارے دلوں میں پیدا فرما۔[155]

کسی شہر یا بستی میں داخل ہوتے وقت پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

جب کسی شہر یا بستی میں داخل ہونے لگے تو یہ دعا پڑھیں۔

أَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهَا

ترجمہ: اے اللہ! تو ہمیں اس میں برکت دے۔[156]

سفر میں رات ہو جانے پہ پڑھی جانے والی دعا:۔

جب سفر میں رات ہو جائے تو یہ دعا پڑھیں۔

يَا أَرْضُ، رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللهُ، أَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِيْكِ، وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ، وَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ أَسَدٍ وَّأَسْوَدَ، وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ، وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِي الْبَلَدِ وَمِنْ وَّالِدٍ وَّمَا وَلَدَ

155 المعجم الأوسط، 5/88، قاھرۃ، الحصن الحصین، 210، غراس

156 المعجم الأوسط، 5/88، قاھرۃ، الحصن الحصین، 210، غراس

ترجمہ: اے زمین! میرا اور تیرا رب اللہ ہے، میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، تیرے (یعنی زمین کے) شر سے، اور ان چیزوں کے شر سے جو تجھ میں پیدا کی گئی ہیں، اور تجھ پر چلتی ہیں، اور میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، شیر سے، اور اژدھے سے، اور سانپ و بچھو سے، اور اس شہر کے رہنے والوں، اور باپ اور اولاد کے شر سے۔ [157]

سفر میں سحر کا وقت ہو جانے پہ پڑھی جانے والی دعا:۔

سفر میں جب سحر کا وقت ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللهِ وَنِعْمَتِهٖ وَحُسْنِ بَلَائِهٖ عَلَيْنَا ۔ رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللهِ مِنَ النَّارِ

ترجمہ: سننے والے نے (ہم سے) اللہ کی تعریف بیان کرنا سنا، اور اس کی نعمت کا اور اس کا ہم کو اچھے حال میں رکھنے کا اقرار جو ہم نے کیا وہ بھی سنا، اے ہمارے رب! تو ہمارے ساتھ رہ، اور ہم پر فضل کر۔ یہ دعا کرتے ہوئے دوزخ سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔ [158]

حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو سوار اپنے سفر میں دنیاوی باتوں سے دل ہٹا کر اللہ کی طرف دھیان رکھے، اور اس کی یاد میں لگا رہے تو اس کے ساتھ فرشتہ رہتا ہے، اور جو شخص واہیات شعروں میں یا کسی بیہودہ شغل میں لگا رہتا ہے تو اس کے ساتھ شیطان رہتا ہے۔

سفر میں دشمن کے خوف کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

سفر میں دشمن کا خوف ہو تو یہ پڑھیں۔

سورہ قریش

157 الحصن الحصین، 211، غراس، جامع الاصول، 4/292، مکتبۃ الحلوانی

158 صحیح مسلم، 4/2086، بیروت، سنن أبي داود، 4/323 بیروت، المعجم الکبیر للطبراني، 17/324، قاھرۃ، الحصن الحصین، 211، غراس

جب کسی سفر وغیرہ میں دشمن وغیرہ کا خطرہ ہو تو سورۃ قُرَیْشٍ پڑھیں۔[159]

بحری جہاز یا کشتی پر سواری کی دعا:۔

بحری جہاز یا کشتی پر سوار ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسَاهَا ط اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ وَمَا قَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِهٖ ط سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ ہے اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا، بے شک میرا پروردگار ضرور بخشنے والا اور مہربان ہے۔ اور کافروں نے خدا کو نہ پہچانا جیسا کہ اسے پہچاننا چاہیے، حالاں کہ قیامت کے دن ساری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی، اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے۔ وہ پاک ہے، اور اس عقیدے سے برتر ہے جو مشرک شرکیہ عقیدہ رکھتے ہیں۔[160]

سفر سے واپسی کی دعا:۔

جب سفر سے واپسی ہو تو ہر بلندی پر تین بار اَللّٰهُ اَکْبَرُ کہے اور پھر یہ دعا پڑھیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، اٰیِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ۔

---

159 الأذكار للنووي، 216، بیروت، الحصن الحصین، 203، مصر

160 الحصن الحصین، 208، غراس

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک ہے، اور اسی کے لئے سب تعریف ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، ہم لوٹنے والے ہیں (اللہ کی) بندگی کرنے والے ہیں، سجدہ کرنے والے ہیں، اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں، اللہ نے اپان وعدہ سچ کر دیا، اور اپنے بندے کی مدد کی، اور اس کے مخالف لشکروں کو شکست دی۔[161]

سفر سے واپس آنے کے بعد گھر میں داخل ہونے کی دعا:۔

جب سفر سے واپس ہو کر گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

آوْبًا آوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْباً۔

ترجمہ: میں واپس آیا ہوں، میں واپس آیا ہوں اپنے رب کے سامنے ایسی توبہ کرتا ہوں جو ہم پر کوئی گناہ نہ چھوڑے۔[162]

161 صحيح البخاري، 3/7، دار طوق النجاة، صحیح مسلم، 2/980، بیروت

162 المعجم الکبیر للطبرانی، 11/280، قاھرۃ، حصن حصین

کھانے، پینے سے متعلق دعائیں۔

کھانا کھانے سے پہلے کی دعا:۔

جب کھانا شروع کرے تو یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ

ترجمہ: میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔[163]

جس کھانے پر بِسْمِ اللّٰهِ نہ پڑھی جائے شیطان کو اس میں ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔

کھانے کے شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ بھول جانے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا:۔

اگر کھانے کے شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

ترجمہ: میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔[164]

[163] المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 4/120، بیروت، مشکاۃ المصابیح، 2/446، بیروت

[164] سنن أبي داود، 3/407، بیروت

پانی پینے کی دعا:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ

پانی یا کوئی اور چیز بیٹھ کر پیے، اور اونٹ کی طرح ایک سانس میں نہ پیے، بلکہ دو یا تین سانسوں میں پیے، اور برتن میں نہ سانس لے نہ پھونکے، اور جب پینے لگے تو بِسۡمِ اللّٰہِ، اور جب پی چکے تو اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ کہے۔[165]

آبِ زمزم پینے کے بعد کی دعا:۔

جب آبِ زمزم پیئیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّیۡ أَسۡئَلُكَ عِلۡمًا نَّافِعًا وَّرِزۡقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنۡ كُلِّ دَاءٍ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم اور فراخی والے رزق اور ہر مرض سے شفاء کا سوال کرتا ہوں۔[166]

دودھ پینے کے بعد کی دعا:۔

دودھ پی کر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ لَنَا فِيۡهِ وَزِدۡنَا مِنۡهُ

ترجمہ: اے اللہ! تو اس میں ہمیں برکت دے، اور ہم کو اور زیادہ دے۔[167]

کھانے کے بعد کی دعا:۔

جب کھانا تناول کر لیں تو یہ دعا پڑھیں۔

165 سنن الترمذي، 4/302، مصر، مشکاۃ شریف

166 سنن الدارقطني، 3/353، بیروت

167 سنن أبي داود، 5/561، دار الرسالۃ۔ مشکاۃ المصابیح، 2/473، بیروت

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

ترجمہ: سب تعریفیں خدا کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔[168]

کھانے کی بعد کی دوسری دعا:۔

جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هُوَ اَشْبَعَنَا، وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ عَلَیْنَا، وَاَفْضَلَ۔

ترجمہ: سب تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں جس نے ہمارا پیٹ بھرا، اور ہمیں سیر اب کیا، اور ہمیں انعام دیا، اور بہت دیا۔[169]

کھانا کھانے کے شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ وَبَرَكَةِ اللّٰهِ۔ اور آخر میں اس دعا کے پڑھ لینے سے قیامت کے دن کھانے کی پوچھ نہ ہو گی۔

کھانے کی بعد کی تیسری دعا:۔

جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنِیْ هٰذَا الطَّعَامَ، وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ۔

ترجمہ: سب تعریفیں خدا کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا، اور مجھے نصیب کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔[170]

کھانا کھانے کے بعد اس کو پڑھ لینے سے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

---

[168] کنز العمال في سنن الأقوال والأفعال، 7/104، بیروت، سنن أبي داود، 3/407، بیروت، سنن أبي داود، 5/659، دار الرسالة، عمل الیوم واللیلة لابن السني، 415، بیروت، الحصن الحصین، 188، غراس

[169] شعب الإیمان، 6/332، مكتبة الرشد، الحصن الحصین، 186، غراس

[170] سنن أبي داود، 4/74، بیروت، مشكاة شریف

دستر خوان سے اٹھتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب دستر خوان سے اٹھنے لگیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا

ترجمہ:سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، ایسی تعریف جو بہت ہو، اور پاکیزہ ہو اور بابرکت ہو، اے ہمارے رب! ہم اس کھانے کو کافی سمجھ کر یا بالکل رخصت کر کے یا اس سے غیر محتاج ہو کر نہیں اٹھ رہے ہیں۔[171]

کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

کھانا کھانے کے بعد جب ہاتھ دھوئے یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اَشْبَعْتَ، وَاَرْوَيْتَ فَهَنِّئْنَا، وَرَزَقْتَنَا فَأَكْثَرْتَ، وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا

ترجمہ:اے اللہ! تو نے ہمارا پیٹ بھرا، اور ہمیں سیر اب کیا، تو اسے ہمارے بدن میں لگا دے، اور تو نے ہمیں رزق دیا اور اچھا اچھا دیا، سو تو ہمیں اور دے۔[172]

دعوت کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کسی کے یہاں دعوت کھائیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَّنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ۔

---

[171] مشکاۃ المصابیح،2/454،بیروت، سنن الترمذي،5/507،بیروت

[172] الحصن الحصین،19، مصر

ترجمہ: اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا، اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔[173]

دعوت کے بعد پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

جب کسی کے یہاں دعوت کھائیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَاَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ

ترجمہ: نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں، اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں، اور روزہ دار تمہارے پاس افطار کریں۔[174]

میزبان کے گھر سے نکلتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب میزبان کے گھر سے چلنے لگیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْ مَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

ترجمہ: اے اللہ! ان کے رزق میں برکت دے، اور ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما۔[175]

173 صحیح مسلم 6/128، بیروت، حصن حصین
174 مسند أحمد بن حنبل، 3/138، قاھرۃ، شرح السنۃ
175 صحیح مسلم 6/122، بیروت

لباس، زیب وزینت سے متعلق دعائیں۔

کپڑا پہننے کے بعد کی دعا:۔

جب کپڑا پہنیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

ترجمہ: سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے یہ پہنایا اور مجھے نصیب کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔[176]

کپڑا پہن کر اس کو پڑھ لینے سے اگلے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

نیا لباس پہننے کے بعد کی دعا:۔

جب نیا لباس پہنیں تو دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ کَمَا کَسَوْتَنِیْهِ أَسْأَلُكَ خَیْرَهٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ،

وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ

176 الحصن الحصین، 20، مصر، مشکاۃ شریف

ترجمہ: اے اللہ! تیرے لیے سب تعریف ہے جیسا کہ تو نے یہ کپڑا مجھے پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے، اور میں تجھ سے اس کی برائی اور اس چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے۔ [177]

نیا لباس پہننے کی دوسری دعا:۔

جب نیا لباس پہنیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا أُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَأَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ

ترجمہ: سب تعریف خدا کے لیے ہے جس نے مجھے کپڑا پہنایا جس سے میں اپنی شرم کی چیز چھپاتا ہوں، اور اپنی زندگی میں اس کے ذریعہ خوب صورتی حاصل کرتا ہوں۔ [178]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص نیا کپڑا پہن کر یہ دعا پڑھے، اور پرانے کپڑے کو صدقہ کردے تو زندگی میں مرنے کے بعد خدا کی حفاظت اور خدا کے چھپانے میں رہے گا (یعنی خدا اسے مصیبتوں سے محفوظ رکھے گا، اور اس کے گناہوں کو پوشیدہ رکھے گا)۔

لباس اتارتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

لباس اتارتے وقت دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ

جب کپڑا اتارے تو بِسْمِ اللّٰہ کہہ کر اتارے کیوں کہ بِسْمِ اللّٰہ کی وجہ سے شیطان اس کی شرم گاہ کی طرف نہ دیکھ سکے گا۔ [179]

177 مشکاۃ المصابیح، 2/1245، بیروت، ترمذی وابوداؤد

178 مشکاۃ المصابیح، 2/1251، بیروت

179 سنن الترمذي، 2/503، مصر، الحصن الحصین، 191، مصر

آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ

ترجمہ: اے اللہ! جیسے تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میرے اخلاق بھی اچھے کر دے۔[180]

آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھتے وقت پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ فَعَدَلَہٗ وَ کَرَّمَ صُوْرَۃَ وَجْھِیْ فَحَسَّنَھَا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

ترجمہ: تمام تعریفات اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے میری تخلیق مناسب اور معتدل فرمائی اور مجھے معزز اور خوبصورت چہرہ عطا فرمایا اور مجھے مسلمان بنایا۔[181]

آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھتے وقت پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ حَسَّنَ خَلْقِیْ وَخُلُقِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَا شَانَ مِنْ غَیْرِیْ

---

180 الحصن الحصین، 252، غراس، مشکاۃ المصابیح، 2/1411، بیروت

181 الأذکار للنووي، 304، بیروت

ترجمہ: تمام تعریفات اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے میری صورت وسیرت کو بہتر بنایا اور مجھے مزین کیا جس سے دوسروں کو مزین نہیں کیا۔[182]

182 عمل اليوم والليلة لابن السني، 139، بيروت

بازار، خرید وفروخت اور لین دین سے متعلق دعائیں۔

بازار میں داخل ہونے کی دعا:۔

جب بازار میں داخل ہوں تو یہ دعا پڑھیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک ہے، اور اسی کے لئے حمد ہے، وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، اور وہ خود زندہ ہے اسے موت نہ آئے گی، اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔[183]

بازار میں اس کے پڑھنے سے اللہ تعالی دس لاکھ نیکیاں لکھ دیں گے، اور دس لاکھ گناہ معاف فرمادیں گے، اور دس لاکھ درجے بلند فرمادیں گے، اور اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنادیں گے۔

خرید و فروخت کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

اگر بازار میں کچھ بیچنا یا خریدنا ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

183 سنن الترمذي، 5/491، بیروت، مسند أحمد بن حنبل، 1/47، قاهرة، مشكاة شريف

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ إِنِّيۡ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ إِنِّيۡ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْصَفْقَةً خَاسِرَةً

ترجمہ: میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا، اے اللہ! میں تجھ سے بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں، اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے، اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں ٹوٹا اٹھاؤں۔[184]

بازار میں پڑھی جانے والی ایک اور دعا:۔

جب بازار میں داخل ہو تو دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيۡ أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ السُّوْقِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ

ترجمہ: اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں اس بازار کی بھلائی کا اور پناہ مانگتا ہوں کفر اور گناہ سے۔[185]

[184] الحصن الحصین، 19، مصر، المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/723، بیروت

[185] الدعاء للطبرانی، 252، بیروت

قرض اور تنگ حالی سے نجات کی دعائیں۔

ادائے قرض کی دعا:۔

ادائے قرض کی دعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

ترجمہ: اے اللہ! حرام سے بچاتے ہوئے اپنے حلال کے ذریعہ تو میری کفایت فرما، اور اپنے فضل کے ذریعہ تو مجھے دوسروں سے بے نیاز کر دے۔[186]

قرض واپس لیتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب قرض دار قرضہ ادا کر دے تو اس کو یہ دعا دیں۔

اَوْفَيْتَنِيْ اَوْفَى اللهُ بِكَ

ترجمہ: تو نے میرا قرضہ ادا کر دیا، اللہ تجھے (دنیا و آخرت میں) بہت دے۔[187]

186 سنن الترمذي، 5/560، مصر

187 صحيح البخاري، 3/116، دار طوق النجاة، الحصن الحصين، 261، غراس

قرض اور تنگ حالی سے نجات کی دعا:۔

قرض اور تنگ حالی سے چھٹکارے کے لیے بطور ورد کریں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّي أَعُوذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَأَعُوذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَأَعُوذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَأَعُوذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں فکر اور غم سے اور نکمے پن اور ڈھول پنے سے، اور سستی و کاہلی سے، اور بزدلی اور کنجوسی سے، اور پناہ مانگتا ہوں قرضے کے بار کے غالب آجانے سے اور لوگوں کے دباؤ سے۔[188]

کوئی حاجت اور ضرورت پیش آئے تو یہ دعا پڑھیں:۔

يَا مَنْ يَّكْفِي مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَا يَكْفِي مِنْهُ شَيْءٌ يَّا اَللهُ رَبَّ مُحَمَّدٍ إِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ

ترجمہ: اے ہر چیز کی طرف سے کفایت کرنے والے! اور اس کو کوئی چیز کافی نہیں، اے اللہ! محمد ﷺ کے پروردگار! میری طرف سے قرض ادا کر دے۔[189]

شدید فقر و فاقہ میں پڑھی جانے والی دعا:۔

فقر و فاقہ دور کرنے کے لیے دعا پڑھیں۔

188 سنن أبي داود 2/93، بیروت
189 المؤتلف والمختلف، 2/609، بیروت

يَا أَوَّلَ الْأَوَّلِيْنَ يَا اٰخِرَ الْاٰخِرِيْنَ ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ وَيَا رَاحِمَ الْمَسَاكِيْنِ وَيَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: اے سب سے اول! اے سب سے آخر! قوت و طاقت والے! اے مساکین پہ رحم کرنے والے! اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے![190]

معاشی سہولت کا ایک عمل

جب گھر میں داخل ہو تو سلام کرنے کے بعد حضور ﷺ پہ درود و سلام بھیج کر سورۃ الاخلاص پڑھیں۔[191]

[190] الدعاء للطبرانی، 319، العلمیۃ

[191] القول البدیع، 135، دار الریان۔ المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 2/434، العلمیۃ۔ المعجم الکبیر للطبرانی 2/340، قاہرۃ

بیماری اور عیادت سے متعلق دعائیں۔

مریض پہ کیا جانے والا دم:۔

مریض پہ یہ پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، أُعِيْذُكَ بِاللّٰهِ الْأَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ مِّنْ شَرِّ مَا تَجِدُ

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے، تمہیں پناہ میں دیتا ہوں اللہ کی جو یکتا ہے، بے نیاز ہے، نہ اس کو کسی نے جنا ہے اور اس نے کسی کو جنا ہے، اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے، (اللہ کی حفاظت میں دیتا ہوں) اس برائی سے جو تم محسوس کرتے ہو۔[192]

عیادت کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کسی مریض کی عیادت کرے تو اس سے یوں کہیں۔

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

ترجمہ: کچھ حرج نہیں، ان شاء اللہ یہ بیماری تم کو گناہوں سے پاک کر دے گی۔[193]

---

192 عمل اليوم والليلة لابن السني، 504، جده

193 صحيح البخاري، 4/202، دار طوق النجاة، مشكاة المصابيح، 1/485، بيروت

عیادت کے وقت پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

اور سات مرتبہ اس کے شفایاب ہونے کے لئے یوں دعا کریں۔

أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ

ترجمہ: میں اللہ سے سوال کرتا ہوں جو بڑا ہے، اور بڑے عرش کا رب ہے کہ تجھے شفاء دیوے۔[194]

حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہے کہ سات مرتبہ اس کے پڑھنے سے مریض کو ضرور شفاء ہو گی، ہاں اگر اس کو موت ہی آگئی ہو تو دوسری بات ہے۔

عیادت کے وقت پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

جب کسی مریض کی عیادت کرے تو اس کے لیے دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا أَوْ يَمْشِيْ لَكَ إِلٰى جَنَازَةٍ

ترجمہ: اے اللہ! اپنے بندے کو شفا عطا فرما، تاکہ آپ کے دشمن سے جہاد کرے یا آپ کی رضا کے لیے جنازہ کی طرف چلے[195]

آنکھ میں تکلیف کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

آنکھ میں تکلیف ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّيْ وَاَرِنِيْ فِي الْعَدُوِّ ثَارِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ

[194] سنن أبي داود، 5/22، دار الرسالة، مشكاة المصابيح، 1/489، بيروت

[195] سنن أبي داود، 5/24، دار الرسالة

ترجمہ: اے اللہ! میری بینائی سے مجھے نفع پہنچا، اور میرے مرتے دم تک اسے باقی رکھ۔۔ اور دشمن میں میرا انتقام مجھے دکھا، اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اس کے مقابلہ میں میری مدد فرما۔[196]

بدن میں کسی جگہ درد کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

اگر بدن میں کسی جگہ درد ہو یا اور کوئی تکلیف ہو تو تکلیف کی جگہ داہنا ہاتھ رکھ کر پہلے تین بار **بِسمِ اللّٰہِ** پڑھیں اور پھر سات بار یہ دعا پڑھیں۔

أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ

ترجمہ: اللہ کی ذات اور اس کی قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس چیز کے شر سے جس کی تکلیف پا رہا ہوں اور جس سے ڈر رہا ہوں۔[197]

بدن میں تکلیف کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب بدن میں کسی جگہ تکلیف ہو یا پھوڑا یا زخم ہو تو اپنی شہادت کی انگلی کو لعابِ دہن لگا کر زمین پر رکھ دے اور پھر اٹھا کر زخم یا پھوڑے کی جگہ پھیرتے ہوئے دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفَى بِهِ سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا

ترجمہ: میں اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ یہ ہماری زمین کی مٹی ہے جو ہم میں سے کسی کے تھوک میں ملی ہوئی ہے، تاکہ ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے شفا ہو جائے۔[198]

پیشاب بند ہو جانے یا پتھری کے مرض کے وقت پڑھی جانے والی دعا:

جس کسی کا پیشاب بند ہو جائے یا پتھری کا مرض ہو تو یہ پڑھ کر دم کریں۔

---

196 المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 4/459، بیروت، حسن
197 صحیح مسلم، 4/1728، بیروت
198 صحیح البخاري، 7/133، دار طوق النجاۃ، صحیح مسلم، 4/1724، بیروت

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ، أَمْرُكَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْأَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ، فَأَنْزِلْ شِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ

ترجمہ: ہمارا رب وہ اللہ ہے جو آسمان میں (معبود) ہے۔ تیرا نام پاک ہے، تیرا حکم آسمان اور زمین میں جاری ہے، جیسا کہ تیری رحمت آسمان میں ہے سو تو زمین میں وہی اپنی رحمت بھیج، اور ہمارے گناہ اور ہماری خطائیں بخش دے تو پاکیزہ لوگوں کا رب ہے۔ سو تو اپنی شفاؤں میں سے ایک شفا اور اپنی رحمتوں میں سے ایک رحمت اس درد پر اتار دے۔[199]

فائدہ:۔ کسی کو زہریلا جانور ڈس لے تو سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔

بخار کے رفع کی دعا:۔

جس کو بخار آئے یا کوئی اور تکلیف ہو تو دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

ترجمہ: اللہ کا نام لے کر شفا چاہتا ہوں جو بڑا ہے۔ ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں جو عظیم ہے۔ جوش ہوتی ہوئی رگ کے شر سے اور آگ کی گرمی کے شر سے۔[200]

نوٹ:۔ بخار کو برا کہنا منع ہے۔

---

199 السنن الکبری للنسائی، 9/381، بیروت، سنن الترمذی ت شاکر، 4/399، مصر

200 سنن الترمذی، 4/405، مصر، مسلم

پاگل پن دور کرنے کا دم:۔

سورۃ الفاتحۃ

جس کو پاگل پن کا دورہ پڑ جائے اس پہ تین دن صبح و شام سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کیا جائے، اس میں تھوک کے بھی ذرات ہوں۔[201]

سانپ یا بچھو کے ڈسے پہ پڑھا جانے والا دم:۔

سورۃ الفاتحۃ

کسی کو سانپ یا بچھو (یا کوئی بھی زہریلا جانور) ڈس لے تو اس پہ سات بار سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کیا جائے۔[202]

سانپ، بچھو کے کاٹنے کا دم:۔

سانپ یا بچھو ڈس لے تو یہ دعا پڑھ کر دم کریں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ شَجَّةٌ قَرَنِيَّةٌ مِلۡحَةٌ بَحۡرٌ قَفۡطَا

ترجمہ: اللہ کے نام سے۔[203]

سانپ، بچھو کے ڈسنے پہ پڑھا جانے والا دوسرا دم

سانپ یا بچھو ڈس لے تو پانی اور نمک پہ یہ پڑھ کر متاثرہ جگہ پہ ملیں۔

سورۃ الکافرون، سورۃ الفلق، سورۃ الناس۔[204]

---

201 سنن أبي داود، 5/296، العلمية. الحصن الحصين، 272، مصر

202 صحیح البخاری، 7/131, دار طوق النجاة۔ سنن أبي داود، 4/14، بیروت. الحصن الحصين، 272، مصر

203 عمل اليوم والليلة لابن السني، 522، بیروت

204 المعجم الصغير للطبراني، 2/87، بیروت

سانس پھول جائے تو پڑھا جانے والا وظیفہ:۔

کسی کا سانس پھول جائے تو یہ وظیفہ پڑھیں۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ ہی کے لیے ہر قسم کی تعریف ہے، ایسی تعریف جو بہت ہو، اور پاکیزہ ہو اور بابرکت ہو۔[205]

سہولت ولادت کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

سہولت ولادت کے لیے وضع حمل کے وقت حاملہ کے پاس دعا پڑھیں۔

آیت الکرسی، سورۂ اعراف آیۃ 54 تا آخر، اور آخری دونوں قل۔[206]

بچے کو مرض اور شر سے بچانے کے لیے پڑھی جانے والی دعا

بچے کو مرض یا اور کسی شر سے بچانے کے لیے یہ دُعا پڑھیں۔

اُعِیْذُكَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ۔

ترجمہ: میں تیرے لیے اللہ کے پورے کلموں کے واسطہ سے ہر شیطان اور زہریلے جانوروں کے شر سے اور ہر ضرر پہنچانے والی آنکھ سے پناہ چاہتا ہوں۔[207]

---

205 صحیح مسلم، 1/419، بیروت۔ عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 97، بیروت

206 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 577، بیروت

207 مشکاۃ المصابیح، 1/486، بیروت، بخاری

نظرِ بد اور جادو کا علاج اور دعائیں۔

نظر کا دم:۔

جب کسی کو نظر لگ جائے تو یہ پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا

ترجمہ: میں اللہ کے نام سے دم کرتا ہوں، اے اللہ اس کی گرمی اور تکلیف دینے والی ٹھنڈک اور اس کے لائے ہوئے مرض کو دُور فرما۔ اس کے بعد یوں کہے: قُمْ بِاِذْنِ اللہِ۔ اللہ کے حکم سے کھڑا ہو۔[208]

فائدہ:۔ جس کی عقل ٹھکانے نہ ہو۔ تین روز تک صبح و شام سورۃ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔

نظر بد اور جنون کا علاج:۔

کسی کو نظر بد ہو یا جنون اور دیوانگی کی کیفیت ہو تو اس کو سامنے بٹھا کر یہ پڑھیں۔

سورۃ الفاتحۃ، و سورۃ البقرۃ الی المفلحون، و الھکم الہ واحد، و آیۃ الکرسی، و للہ ما فی السموات و ما فی الارض، الی آخر البقرۃ، وشھد اللہ انہ لا الہ الا ھو، و ان ربکم اللہ، و فتعالی اللہ،

[208] عمل الیوم واللیلۃ للنسائی، 564، بیروت، حسن وابوداود

الی آخر المومنون، وعشر من اول الصافات الی لازب، وثلاث من آخر الحشر، وانہ تعالی جد ربنا، وسورۃ الاخلاص و المعوذتین۔

ترجمہ: تقریباً منزل والی آیات ہیں۔ یہ پڑھ کر اس پہ پھونک دیں۔[209]

نظر بد سے بچنے کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

کسی (انسان یا چیز) کی اچھائی کو نظر لگنے کا خدشہ ہو تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ فِيْهِ وَلَا يَضُرُّهٗ

ترجمہ: اے اللہ! اس میں برکت عطا فرما اور ضرر سے اسے بچا۔[210]

نظر بد سے بچنے کے لیے پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

کسی (انسان یا چیز) کی اچھائی کو نظر لگنے کا خدشہ ہو تو یہ پڑھیں۔

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ: جو اللہ چاہے وہی ہو گا، اللہ کو سوا کوئی قوت وطاقت نہیں۔[211]

جادو کے دفع کی دعا:۔

نظر بد اور سحر کا اثر دور کرنے کے لیے معوذتین (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

[209] الحصن الحصين، 271,272، مصر
[210] عمل اليوم والليلة لابن السني، 171، بیروت
[211] عمل اليوم والليلة لابن السني، 171، بیروت

بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ وَّنَفْسٍ حَاسِدٍ، اَللّٰهُ يَشْفِيكَ

ترجمہ: اللہ کے نام سے ہر قسم کی تکلیف دہ چیز کو جھاڑتا ہوں، ہر قسم کی نظر سے اور حاسد سے، اللہ تمہیں شفاء دے۔[212]

حضرت کعب احبارؓ کی دعا:۔

جادو سے بچنے کے لیے اس کو بطور ورد پڑھیں۔

أَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّبِأَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ

ترجمہ: میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی ذات کے ذریعہ جو سب سے بڑا ہے، وہ اللہ کہ کوئی چیز اس سے بڑی نہیں، اور اس کے کامل کلمات کے ذریعے کہ ان سے نہ کوئی نیک تجاوز کرتا ہے اور نہ کوئی بد، اور اللہ کے ناموں کے ذریعہ جو پاک و نیک (وخوبصورت) ہیں ان میں سے جو میں جانتا ہوں اور جو میرے علم میں نہیں، اس چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی اور برابر کی (یعنی متناسب الاعضاء بنائی) اور تعداد بڑھائی۔[213]

حضرت کعب احبارؒ فرماتے ہیں کہ اگر میں یہ کلمات نہ پڑھوں تو یہود مجھے گدھا بنا دیں۔

---

[212] الدعاء للطبراني، 335، العلمية

[213] موطأ مالک، 2/951، بیروت

مصیبت اور پریشانی سے نجات کے لیے دعائیں۔

کسی کو مصیبت یا پریشانی یا برے حال میں دیکھنے کے بعد کی دعا:۔

جب دوسرے کو کسی مصیبت یا پریشانی یا برے حال میں دیکھے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے اس حال سے بچایا جس میں تجھے مبتلا کیا، اور اس نے اپنی بہت سی مخلوق پر مجھے فضیلت دی۔ [214]

اس کی فضیلت یہ ہے کہ اس کے پڑھ لینے سے وہ مصیبت یا پریشانی پڑھنے والے کو نہیں پہنچے گی جس میں وہ مبتلا تھا جسے دیکھ کر یہ دعا پڑھے ہو۔

تنبیہ: اگر وہ شخص مصیبت میں مبتلا ہو تو اس دعا کو آہستہ پڑھیں۔

214 سنن الترمذي، 5/493، مصر، الحصن الحصين، 268، غراس، مشكاة شريف

کسی پریشانی یا بے چینی کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کوئی پریشانی یا بے چینی ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُو فَلَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّأَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری رحمت کی امید کرتا ہوں تو مجھے پل بھر بھی میرے سپرد نہ کر، اور میرا سارا حال درست کر دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔[215]

دشمنوں کے خوف کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب دشمنوں کا خوف ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

ترجمہ: اے اللہ! ہم تجھے ان (دشمنوں) کے سینوں میں (تصرف کرنے والا) بناتے ہیں، اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔[216]

کوئی مصیبت پہنچنے کے وقت پڑھی جانے والی دعا

جب کوئی مصیبت پہنچے (اگرچہ کانٹا ہی لگ جائے) تو یہ دعا پڑھیں۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ، وَاخْلُفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا

---

215 سنن أبي داود، 7/421، دارالرسالة، مصنف ابن أبي شيبة، 6/20، مكتبة الرشد، حصن حصين

216 سنن أبي داود، 2/640، دارالرسالة

ترجمہ: بے شک ہم اللہ ہی کے لئے ہیں، اور ہم اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں، اے اللہ! میری مصیبت میں مجھے اجر دے، اور اس کے بدلے میں مجھے اس سے اچھا بدل عنایت فرما۔[217]

دل برا کرنے والی چیز پیش آجانے پہ پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کوئی دل برا کرنے والی چیز پیش آئے تو یوں کہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ

ترجمہ: ہر حال میں اللہ تعریف کا مستحق ہے۔[218]

کوئی چیز گم ہو جانے یا غلام یا جانور بھاگ جانے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کوئی چیز گم ہو جائے یا غلام یا جانور بھاگ جائے تو یہ دُعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِيَ الضَّلَالَةِ أَنْتَ تَهْدِيْ مِنَ الضَّلَالَةِ

اُرْدُدْ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ. فَإِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ

ترجمہ: اے اللہ! اے گم شدہ کو واپس کرنے والے اور راہ بھٹکے کو راہ دکھانے والے، تو ہی گم شدہ کو راہ دکھاتا ہے، اپنی قدرت اور غالبیت کے ذریعے میری گم شدہ چیز کو واپس فرمادے، کیونکہ وہ بیشک تیری عنایت اور تیرے فضل سے مجھ کو ملی تھی۔[219]

آگ لگی دیکھتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ

---

[217] صحیح مسلم، 2/631، بیروت
[218] الحصن الحصین، 261، غراس، مصنف ابن أبي شيبة، 6/71، مکتبۃ الرشید
[219] المعجم الکبیر للطبراني، 12/340، قاھرۃ، الحصن الحصین، 269، غراس

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔[220]

جب آگ لگتی دیکھے تو اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھیں جس سے وہ بجھ جائے گی۔

جلے ہوئے پر پڑھی جانے والی دعا:۔

جلے ہوئے پر یہ پڑھ کر دم کریں۔

أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، اِشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ إِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: اے سب انسانوں کے رب، تکلیف کو دور فرما، تو شفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے، تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں۔[221]

اگر دشمن گھیر لیں تو یہ پڑھے:۔

اگر دشمن گھیر لیں تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے آبرو کی حفاظت فرما اور خوف ہٹا کر ہم کو امن سے رکھ۔[222]

مصیبت کے وقت پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

مصیبت اور غم کے وقت اس کو بطور وظیفہ پڑھیں۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ

ترجمہ: اے حی و قیوم! بس تیری رحمت سے مدد چاہتا ہوں۔[223]

---

220 الحصن الحصين، 274، مصر
221 صحيح البخاري، 7/121، دار طوق النجاة، صحيح مسلم، 4/1721، بيروت، حسن
222 مشكاة المصابيح، 2/758، بيروت، حسن
223 سنن الترمذي، 5/539، مصر

حاکم وقت کے ظلم سے حفاظت کی دعا:۔

ارباب اقتدار یا کسی بھی انسان کے ظلم وعدوان کا خطرہ ہو تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ كُنْ لِّيْ جَاراً مِّنْ شَرِّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَشَرِّ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَأَتْبَاعِهِمْ أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ أَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ! ہفت افلاک اور عرش عظیم کے مالک! فلاں ابن فلاں (حاکم) کے شر سے اور سارے شریر انسانوں اور جنوں اور ان کے چیلوں کے شر سے میری حفاظت فرما، اور مجھے اپنی پناہ میں لے، کہ ان میں سے کوئی مجھ پر ظلم وزیادتی نہ کر سکے۔ جو تیری پناہ میں ہے وہ باعزت ہے، تیری ثناء وصفت باعظمت ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، صرف تو ہی معبود برحق ہے۔[224]

شدید غم اور پریشانی اور قرض کی ادائیگی کے لیے اس کو بطور وظیفہ پڑھیں:۔

اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمَانَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا أَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

ترجمہ: اے اللہ! دور کرنے والا رنج اور غم کو، اور قبول کرنے والا بے قراروں کی دعاؤں کو، دنیا و آخرت میں رحم کرنے والا، اور دونوں جہاں میں خصوصی رحمت کرنے والا! تو ہمارے اوپر رحم کرنے والا ہے پس تو رحم فرما، میرے اوپر ایسی رحمت کر جو دوسرے سے بے نیاز اور بے پرواہ کر دے مجھ کو۔[225]

---

224 المعجم الکبیر للطبرانی، 10/15، قاہرۃ
225 المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/696، بیروت

یہ دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے اصحاب کو سکھایا کرتے تھے، اور کسی پر پہاڑ کے برابر سونا بھی قرض ہو گا تو اس کے پڑھنے کی برکت سے ادا ہو جائے گا۔

زلزلہ سے حفاظت کی دعا:۔

زلزلہ سے حفاظت کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی عظمت کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں نیچے سے ہلاک کیا جاؤں (یعنی زلزلہ سے)۔[226]

مشکل کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کوئی مشکل (معاملہ یا رنج و غم) پیش آئے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزَنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا

ترجمہ: اے اللہ! کوئی آسانی نہیں مگر جسے آپ آسان فرما دیں اور آپ ہی مشکل کو جب چاہیں آسان بنا دیں۔[227]

تسمہ ٹوٹ جانے پہ پڑھی جانے والی دعا:۔

تسمہ ٹوٹ جائے تو یہ پڑھیں۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

226 سنن النسائی، 8/282، حلب

227 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 311، بیروت

ترجمہ: ہم تو اللہ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔[228]

کوئی بری چیز دور کرنے والے کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

کوئی ناپسندیدہ چیز دور کرے تو اس کو یہ دعا دیں۔

مَسَحَ اللّٰهُ عَنْكَ مَا تَكْرَهُ

ترجمہ: اللہ تم سے بھی تمہاری ناپسندیدہ چیز دور کرے۔[229]

کوئی بری چیز دور کرنے والے کے لیے پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

کوئی ناپسندیدہ چیز دور کرے تو اس کو یہ دعا دیں۔

لَا يَكُنْ بِكَ السُّوْءُ

ترجمہ: تم کو کوئی برائی نہ پہنچے۔[230]

سواری خراب ہونے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا:۔

سنسان علاقے میں سواری خراب ہو جائے تو یہ پڑھیں۔

يَا عِبَادَ اللّٰهِ احْبِسُوْا

ترجمہ: اے اللہ کے بندو! رکو۔[231]

---

228 سورۃ البقرۃ، 156۔ عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 313، بیروت

229 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 248، بیروت

230 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 248، بیروت

231 الأذکار للنووي، 223، بیروت۔ عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 65، بیروت

کچھ گم ہو جانے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا:۔

سنسان علاقے میں سواری خراب ہو جائے یا کچھ گم جائے تو یہ پڑھیں۔

يَا عِبَادَ اللهِ أَغِيثُونِي

ترجمہ: اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو۔[232]

غم ورنج سے محفوظ رہنے کی دعا:۔

غم ورنج سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ ایک مرتبہ یہ پڑھیں۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ يَبْقٰى، وَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ

ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جو ہر شئی سے پہلے ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جو ہر شئی کے بعد ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جو باقی رہنے والا ہے، اور ہر چیز فنا ہو جائے گی۔[233]

گھبراہٹ اور خوف کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

گھبراہٹ اور خوف کے وقت یہ پڑھ کر دعا مانگی کریں۔

اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ مَلِيكٌ مُّقْتَدِرٌ مَّا تَشَاءُ مِنْ أَمْرٍ يَّكُوْنُ

ترجمہ: اے اللہ! بے شک آپ بادشاہ ہیں قدرت والے ہیں جو بھی کام چاہتے ہیں وہ ہو جاتا ہے۔[234]

232 المعجم الکبیر للطبراني، 17/117، قاھرۃ
233 الدعاء للطبراني، 131
234 مصنف ابن أبي شيبة، 6/40، مكتبة الرشد

آندھی اور بارش کے وقت پڑھنے کی دعائیں۔

بارش برسنے کی دعا:۔

بارش کے لئے تین باریوں پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا

ترجمہ: اے اللہ! ہم پر بارش برسا۔[235]

بارش برسنے کی دوسری دعا:۔

بارش کے لئے تین باریوں پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلٰی اَرْضِنَا زِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا

ترجمہ: اے اللہ! ہماری زمین پر اس کی زینت (یعنی پھول بوٹے) اور اس کا چین اتار۔[236]

بادل پر نظر پڑنے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

جب بادل آتا ہوا نظر آئے تو یہ پڑھیں۔

---

[235] صحیح البخاري، 2/28، دار طوق النجاة، صحیح مسلم، 2/612، بیروت، الحصن الحصین، 244، غراس

[236] تاریخ المدینة لابن شبة، 1/144، جدة، مستخرج أبي عوانة، 2/122، بیروت، الحصن الحصین، 245، غراس

اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُرْسِلَ بِهٖ، اَللّٰھُمَّ سَیْبًا نَّافِعًا

ترجمہ: اے اللہ! ہم تیری پناہ چاہتے ہیں اس چیز کی برائی سے جسے لے کر یہ بھیجا گیا ہے، اے اللہ! اس ابر کو خیر و برکت اور نفع دینے والا بنا۔[237]

بارش کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب بارش ہونے لگے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا

ترجمہ: اے اللہ! اس کو بہت برسنے والا اور نفع بخش بنا۔[238]

حد سے زیادہ بارش کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب بارش حد سے زیادہ ہونے لگے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا، اَللّٰھُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے آس پاس اس کو برسا، اور ہم پر نہ برسا، اے اللہ! ٹیلوں پر اور بنوں میں اور پہاڑوں میں اور نالوں میں اور درخت پیدا ہونے کی جگہ اس کو برسا۔[239]

---

237 سنن ابن ماجه، 5/51، دار الرسالة، إتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة، 2/343، رياض، الحصن الحصين، 247، غراس
238 صحيح البخاري، 2/28، دار طوق النجاة، الحصن الحصين، 247، غراس
239 صحيح البخاري، 2/28، دار طوق النجاة، صحيح مسلم، 2/612، بيروت، الحصن الحصين، 247، غراس

بادلوں کی گرج اور چمک کے وقت کی دعا:۔

جب گرجنے اور کڑکنے کی آواز سنے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُھْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ

ترجمہ:اے اللہ!ہم کو اپنے غضب سے قتل نہ فرما،اور اپنے عذاب سے ہمیں ہلاک نہ کر،اور اس سے پہلے ہمیں چین دے۔[240]

آندھی کے وقت کی دعا:۔

جب آندھی آئے تو اس کی طرف منہ کرکے اور دوزانوں بیٹھ کر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رَحْمَةً وَّلَا تَجْعَلْھَا عَذَابًا،اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رِيَاحًا وَّلَا تَجْعَلْھَا رِيْحًا

ترجمہ:اے اللہ!اسے رحمت بنا،اور اسے عذاب نہ بنا،اے اللہ!اسے نفع والی ہوا بنا،اور نقصان والی ہوا نہ بنا۔[241]

بادل بغیر برسے لوٹ جانے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا:۔

جب بادل آکر بغیر برسے لوٹ جائے تو یہ کہنا چاہیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

جب بادل آکر بغیر برسے لوٹ جائے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنا چاہیے۔[242]

---

240 سنن الترمذي،5/503،مصر،الحصن الحصین،248،غراس
241 المعجم الکبیر للطبراني،11/213،قاھرۃ،الحصن الحصین،249،غراس
242 السنن الکبری للنسائي،2/324،بیروت،الحصن الحصین،247،مصر

آندھی کے ساتھ اندھیرے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا:۔

اگر آندھی کے ساتھ اندھیرا بھی ہو (جسے کالی آندھی کہتے ہیں) تو یہ پڑھیں۔

سورۃ الفلق، سورۃ الناس۔[243]

243 سنن أبي داود، 2/591، دار الرسالۃ، مشکاۃ شریف، 1/665، بیروت، الحصن الحصین، 249، مصر

نیند، خواب اور بیداری سے متعلق دعائیں۔

سوتے وقت پڑھنے کی دعا:۔

جب سونے کا ارادہ کرے تو وضو کریں اور اپنے بستر کو تین بار جھاڑ لیں، پھر داہنی (سیدھی) کروٹ پر لیٹ کر سر کے نیچے داہنا (سیدھا) ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَكَ

ترجمہ: اے خدا! مجھے اپنے عذاب سے بچا جس روز تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا۔[244]

سوتے وقت پڑھنے کی دعا:۔

جب سونے کا ارادہ کریں تو وضو کریں اور اپنے بستر کو تین بار جھاڑیں، پھر داہنی (سیدھی) کروٹ پر لیٹ کر سر کے نیچے داہنا (سیدھا) ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھیں۔

بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ، وَبِكَ اَرْفَعُهُ، اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا، وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ

---

[244] سنن الترمذي، 5/471، بیروت، بخاری، مسلم، مشکاۃ شریف، حِصن حَصین

ترجمہ: اے میرے پروردگار! میں نے تیرا نام لے کر اپنا پہلو رکھا، اور تیری قدرت سے اس کو اٹھاؤں گا، اگر تو (سوتے میں) میرے نفس کو روک لے (یعنی مجھے موت دے دے) تو میرے نفس پر رحم کیجیو، اور اگر تو اسے زندہ چھوڑ دے تو اپنی قدرت کے ذریعہ اس کی حفاظت کیجیو، جس کے ذریعہ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔[245]

سوتے وقت پڑھنے کی دعا:۔

جب سونے کا ارادہ کریں تو وضو کریں اور اپنے بستر کو تین بار جھاڑیں، پھر داہنی (سیدھی) کروٹ پر لیٹ کر سر کے نیچے داہنا (سیدھا) ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرا نام لے کر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔[246]

سوتے وقت پڑھنے کی دعا:۔

سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھیں۔

اَللّٰهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ۚ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ ۚ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِندَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ

---

245 صحیح البخاري، 8/87، قاھرۃ، صحیح مسلم، 8/79، بیروت

246 صحیح البخاري، 8/85، قاھرۃ، مشکاۃ شریف

ترجمہ: اللہ تعالیٰ (ایسا ہے) کہ اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں، زندہ ہے، سنبھالنے والا ہے (تمام عالم کا) نہ اس کو اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند، اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں، ایسا کون شخص ہے جو اس کے پاس (کسی کی) سفارش کرسکے بدون اس کی اجازت کے، وہ جانتا ہے ان کے تمام حاضر اور غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کی معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لاسکتے، مگر جس قدر (علم دیناوہی) چاہے، اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہ عالی شان عظیم الشان ہے۔[247]

اس کے پڑھنے سے اللہ کی جانب سے رات بھر ایک محافظ (فرشتہ) اس پر مقرر رہے گا، اور کوئی شیطان اس کے پاس نہ آئے گا۔ لہٰذا اس کو ضرور پڑھ کر سوئیں۔

نیند نہ آنے کے وقت پڑھنے کی دعا:۔

جب سونے لگے اور نیند نہ آئے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ، وَهَدَأَتِ الْعُيُوْنُ، وَاَنْتَ حَيٌّ قَيُّوْمٌ، لَا تَأْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ، يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ اَهْدِءْ لَيْلِيْ وَاَنِمْ عَيْنِيْ

ترجمہ: اے اللہ! ستارے چھپ گئے، اور آنکھوں نے آرام کرلیا، اور تو زندہ اور قائم رکھنے والا ہے، تجھے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند آتی ہے۔ اے زندہ اور قائم رکھنے والے! اس رات کو مجھے آرام دے، اور میری آنکھ کو سُلا دے۔[248]

نیند میں ڈر جانے یا گھبراہٹ کے وقت کی دعا:۔

جب سوتے سوتے ڈر جائیں یا گھبرا جائیں یا نیند ختم ہو جائے تو یہ پڑھیں۔

---

[247] صحیح البخاري، 3/133، قاھرۃ

[248] معرفۃ الصحابۃ، 8/198)، الموطأ، 1/300، دارالغرب، حِصن حَصِین

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ

ترجمہ: اللہ کے پورے کلمات کے واسطہ سے میں اللہ کے غضب اور اس کے عذاب اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں اور میرے پاس ان کے آنے سے پناہ چاہتا ہوں۔[249]

براخواب نظر آئے تو یہ دعا پڑھیں۔

جب خواب میں اچھی بات دیکھیں تو "اَلْحَمْدُ لله" کہیں، اور اسے بیان کر دیں مگر اس سے ہی بیان کریں جس سے تعلقات اچھے ہوں، اور اگر براخواب دیکھیں تو اپنی بائیں (اُلٹی) طرف تین مرتبہ پھونک مار دیں، اور کروٹ بدل دیں، یا کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگ جائیں اور تین مرتبہ یوں بھی کہیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے اور اس خواب کی برائی سے۔[250]

نوٹ: برے خواب کو کسی سے ذکر نہ کریں۔ یہ سب عمل کرنے سے وہ خواب اسے کچھ ضرر نہ پہنچائے گا۔

خواب سنانے والے کو دی جانے والی دعا۔

جب کوئی معبر یا کسی بھی دوست کو خواب سنائیں تو وہ یہ دعا پڑھیں۔

خَيْرٌ تَلَقَّاهُ، وَشَرٌّ تَوَقَّاهُ، وَخَيْرٌ لَّنَا، وَشَرٌّ لِّاَعْدَائِنَا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

[249] المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/733، بیروت، مشکاۃ شریف

[250] صحیح مسلم، ۴/1772، بیروت، مشکاۃ شریف، حصن حصین

ترجمہ: اللہ تعالی اس خواب کی خیر تم کو عطا فرمائے، اور اس کے شر سے تمہاری حفاظت فرمائے، اور اللہ کرے کہ یہ خواب ہمارے لیے اچھا ہو، اور ہمارے دشمنوں کے لیے برا ہو، اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔[251]

نیند سے بیدار ہونے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

جب سو کر اٹھیں تو دونوں ہاتھوں سے اپنی آنکھوں کو ملیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا، وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں مار کر زندگی بخش دی، اور (ہم کو) اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔[252]

تہجد کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب تہجد کے لئے اٹھیں تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ حَقٌّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ، وَعَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ، اِلَیْكَ اَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَاِلَیْكَ

---

251 عمل اليوم والليلة لابن السُنِّي، 694، بيروت۔ المعجم الكبير للطبراني، 8/302، قاهرة

252 صحيح البخاري، 8/85، قاهرة، صحيح مسلم، 8/78، بيروت

حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ، اَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ! تیرے ہی لئے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اس میں ہے ان سب کا قائم رکھنے والا ہے، تیرے لئے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اس میں ہے ان سب کا روشن رکھنے والا ہے، تیرے لئے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اس میں ہے ان سب کا بادشاہ ہے، اور تیرے لئے حمد ہے تو حق ہے، تیرا وعدہ حق ہے، اور تیری ملاقات حق ہے، اور تیری بات حق ہے، اور جنت حق ہے، اور دوزخ حق ہے اور سب نبی حق ہیں، اور محمد ﷺ حق ہیں۔ اور قیامت حق ہے۔ اے اللہ! میں نے تیری اطاعت کے لئے سر جھکایا، اور میں تجھ پر ایمان لایا، اور میں نے تجھ پر بھروسہ کیا، اور میں تیری طرف رجوع ہوا، اور تیری قوت سے میں نے جھگڑا کیا، اور تجھ کو ہی میں نے حاکم بنایا سو تو بخش دے جو میرے اگلے پچھلے گناہ ہیں، اور جو گناہ میں نے چھپا کر یا ظاہر اً کئے ہیں، اور جن گناہوں کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، تو ہی آگے بڑھانے والا ہے، اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے، اور معبود صرف تو ہی ہے، اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔[253]

تہجد کے لئے اٹھتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

تہجد کے لیے اٹھیں تو دس بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور دس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور دس بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ اور دس بار سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ اور دس بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اور دس بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھیں اور دس بار یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں دنیا اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔ (یہ پڑھنے کے بعد نماز شروع کر دے)[254]

---

[253] صحیح البخاري، 2/60، قاھرۃ، صحیح مسلم، 2/184، بیروت

[254] سنن أبي داود، 7/418، بیروت، مشکاۃ شریف

گھر میں آنے جانے سے متعلق دعائیں۔

گھر میں داخل ہونے کی دعا:۔

جب گھر میں داخل ہوں تو یہ دعا پڑھیں، اور اس کے بعد اپنے گھر والوں کو سلام کریں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللهِ وَلَجْنَا، وَعَلَى اللهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے، اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔[255]

گھر سے نکلتے وقت پڑھی جانے والی ایک دعا:۔

جب گھر سے نکلیں تو یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

ترجمہ: میں اللہ کا نام لے کر نکلا، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، گناہوں سے بچنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔[256]

[255] سنن أبي داود، 4/486، بیروت، مشکاۃ شریف

[256] سنن الترمذي، 5/490، بیروت، مشکاۃ شریف

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص گھر سے نکل کر یہ دعا پڑھ لے تو شیطان ہٹ جاتا ہے یعنی وہ بہکانے اور ایذاء دینے سے باز رہتا ہے۔

گھر سے نکلتے وقت پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

جب گھر سے نکلے تو آسمان کی طرف منہ اٹھا کر یہ بھی پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ اَنۡ اَضِلَّ اَوۡ اُضَلَّ اَوۡ اَظۡلِمَ اَوۡ اُظۡلَمَ اَوۡ اَجۡهَلَ اَوۡ يُجۡهَلَ عَلَیَّ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کر دیا جاؤں، یا ظلم کروں یا مجھ پر ظلم ہو، یا جہالت کروں یا مجھ پر جہالت ہو۔[257]

[257] سنن أبي داود، 4/486، بیروت، مشکاۃ شریف

بیت الخلاء آنے جانے کی دعائیں۔

بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا

جب بیت الخلاء جائیں تو داخل ہونے سے پہلے بِسۡمِ اللہ کہیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَائِثِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں، خبیث جنوں سے مرد ہو یا عورت۔[258]

حدیث شریف میں ہے کہ شیطانوں کی آنکھوں اور انسانوں کی شرم گاہوں کے درمیان بِسۡمِ اللہ آڑ بن جاتی ہے۔

بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا

جب بیت الخلاء سے باہر نکلیں تو غُفۡرَانَكَ کہیں، اور یہ دعا پڑھیں۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَذۡھَبَ عَنِّی الۡاَذٰی وَعَافَانِیۡ

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی، اور مجھے چین دیا۔[259]

258 صحيح البخاري، 1/48، قاهرة، سنن الترمذي،، 2/503،، بيروت

259 السنن الکبری للنسائی، ۹/35، بیروت، مشکاۃ شریف

موت، تعزیت، جنازے اور زیارتِ قبور سے متعلق دعائیں۔

شدید بیماری کی وجہ سے جب زندگی سے مایوسی ہو تو پڑھی جانے والی دعا:۔

شدید ترین پریشانی میں بھی موت کی دعا درست نہیں، البتہ مذکورہ دعا کی جاسکتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ

ترجمہ: اے اللہ! تو مجھے زندگی دے جب تک زندگی میرے لیے بہتر ہو اور موت دے جب کہ مرنا میرے لیے بہتر ہو [260]

موت کے آثار نظر آنے کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

موت کے آثار نظر آئیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلی (انبیاء وصالحین) کے ساتھ ملا دے۔ [261]

---

260 صحیح البخاری، 7/121، دار طوق النجاۃ

261 سنن الترمذي، 5/525، مصر۔ عمل الیوم واللیلۃ للنسائی، 589، بیروت

موت کے آثار نظر آنے کے وقت پڑھی جانے والی دوسری دعا:۔

موت کے آثار نظر آئیں تو یہ بھی پڑھیں اور چہرے پر پانی سے مسح بھی کر سکتے ہیں۔

لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ إِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، بے شک موت کی سختیاں برحق ہیں۔[262]

موت کے آثار نظر آنے کے وقت پڑھی جانے والی تیسری دعا:۔

موت کے آثار نظر آئیں تو یہ بھی پڑھیں اور چہرے پر پانی سے مسح بھی کر سکتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ أَوْ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ

ترجمہ: اے اللہ! تو موت کی سختیوں پر اور جان کنی کی تکلیف پر میری مدد فرما۔[263]

میت کے پاس پڑھی جانے والی دعا:۔

میت کے پاس جو لوگ ہوں وہ یہ دعا پڑھیں۔ (اور فلاں (لال رنگ پر) کی جگہ وفات پانے والے کا نام لیں۔)

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَّارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ

262 صحیح البخاری، 6/13، دار طوق النجاۃ

263 سنن الترمذي، 3/299، مصر

ترجمہ: اے اللہ! فلاں شخص کو (یہاں پر مرنے والے کا نام لے) بخش دے اور ہدایت یافتہ (جنتی لوگوں میں) اس کا درجہ بلند فرما، اس کے پسماندگان میں تو اس کا قائم مقام بن جا، ہماری، اس کی اور سب کی مغفرت فرمادے، اے رب العالمین! اور اس کی قبر کو کشادہ کر دے اور قبر میں اس کو نور عطا فرمادے یعنی قبر روشن کر دے، [264]

قبرستان میں پڑھی جانے والی دعا:۔

جب قبرستان میں جاوے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْقُبُورِ، يَغْفِرُ اللهُ لَنَا وَلَكُمْ، أَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْأَثَرِ۔

ترجمہ: اے قبروں والو! تم پر سلام ہو، ہم کو اور تم کو اللہ بخشے، تم ہم سے پہلے چلے گئے، اور ہم بعد میں آنے والے ہیں۔ [265]

میت کو چارپائی پہ رکھتے وقت اور میت کی چارپائی کو اٹھاتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

میت کو چارپائی پہ رکھتے وقت اور میت کی چارپائی کو اٹھاتے وقت یہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے۔ [266]

میت کو قبر میں رکھتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

میت کو قبر میں رکھتے وقت یہ پڑھیں۔

---

264 سنن أبي داود، 5/37، الرسالة
265 سنن الترمذي، 3/360، مصر
266 الحصن الحصين، 287، مصر

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کے حکم سے رسول اللہ ﷺ کی ملت پر دفن کرتے ہیں۔[267]

میت کو قبر میں رکھنے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

میت کو قبر میں رکھنے کے بعد یہ پڑھیں۔

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرٰى بِسْمِ اللّٰهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

ترجمہ: اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا ہے اور اسی زمین ہی میں تم کو لوٹا دیں گے اور اسی زمین میں سے قیامت کے دن دوبارہ نکالیں گے، اللہ کے نام کے ساتھ اللہ کی راہ میں اور رسول اللہ ﷺ کے دین پر ہم نے اس کو دفن کیا۔[268]

دفن سے فارغ ہونے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

دفن سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا اور منکر نکیر کے سوال کے جواب میں میت کی ثابت قدمی کی دعا بھی کریں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَاعْفُ عَنْهُ

ترجمہ: اے اللہ! اس کو بخش دے اور اس پہ رحم فرما اور اس کو عافیت عطا فرما۔[269]

دفن سے فارغ ہونے کے بعد پڑھی جانے والی آیات:۔

دفن سے فارغ ہونے کے بعد یہ بھی پڑھیں۔

---

267 سنن الترمذي، 3/355، مصر
268 المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 2/411، بیروت
269 الحصن الحصين، 290، مصر

اَوَّلَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَ خَاتِمَتَهَا

ترجمہ: سورۃ البقرۃ کا ابتدائی حصہ (مفلحون تک) اور آخری حصہ (اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا آخر) پڑھا جائے۔[270]

270 الحصن الحصین، 291، مصر

متفرق دعائیں اور وظائف۔

اللہ سے بہترین حکومت کی طلب:۔

مجلس سے اٹھتے وقت پڑھی جانے والی طویل دعا کا ایک جملہ یہ ہے۔

لَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا

ترجمہ: اے اللہ! ہم پہ ایسا بندہ مسلط نہ فرما جو ہم پہ رحم نہ کرے۔[271]

اللہ کے لیے محبت کرنے والے کو دی جانے والی دعا:۔

جب کسی سے اللہ کے لیے محبت ہو تو اس کو ظاہر کر دے کہ مجھے آپ سے محبت ہے۔ اس کے جواب میں دوسرے کو یوں کہنا چاہیے۔

أَحَبَّكَ الَّذِیْ أَحْبَبْتَنِیْ

ترجمہ: وہ (خدا) تجھ سے محبت کرے جس کے لیے تو نے مجھ سے محبت کی۔[272]

کوئی معافی مانگے تو دی جانے والی دعا:۔

کوئی معافی مانگے تو یوں جواب دیں۔

---

271 سنن الترمذي، 5/528، مصر

272 سنن أبي داود، 7/445، دارالرسالۃ، الحصن الحصين، 260، غراس

لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللهُ لَكُمْ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: آج تم پر کوئی گرفت نہیں، اللہ تمہیں معاف فرمائے، وہ سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔[273]

حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کے لیے اور حضور ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پہ اہل مکہ کے لیے یہ فرمایا تھا۔

سلام بھیجنے والے کو دی جانے والی دعا:۔

جب کوئی سلام بھیجے تو سلام لانے والے کو خطاب کر کے یوں کہیں۔

وَعَلَيْكَ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ

ترجمہ: تجھ پر اور اس پر سلام ہو۔[274]

آنے والے کو دی جانے والی دعا:۔

آنے والے کو از راہ محبت یوں کہیں۔

مَرْحَبًا بِالطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ

ترجمہ: خوش آمدید۔[275]

احسان کرنے والے کو دی جانے والی دعا:۔

اپنے ساتھ احسان کرنے والے کو یوں دعا دیں۔

جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا

273 سورۃ یوسف، 94۔ عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 275، بیروت
274 الحصن الحصین، 254، غراس
275 سنن الترمذي، 6/142، بیروت

ترجمہ: تجھے اللہ (اس کی) جزائے خیر دے۔[276]

محبوب چیز دیکھتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کوئی اپنی محبوب چیز دیکھے تو یہ پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

ترجمہ: سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس کی نعمت سے اچھی چیزیں مکمل ہوتی ہیں۔[277]

کثرت کلام کے کفارے کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

جس کی زبان بہت چلتی ہو اُسے چاہیے کہ یہ پڑھا کریں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

ترجمہ: میں اللہ سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں۔[278]

نیا پھل پاس آنے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا:۔

جب نیا پھل پاس آئے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مُدِّنَا

[276] مصنف ابن أبي شيبة، 5/322، مكتبة الرشد، الحصن الحصین، 260، غراس، مشکاۃ شریف، 2/911، بیروت

[277] الدعاء للطبراني، 501، بیروت، الحصن الحصین، 261، غراس

[278] عمل الیوم واللیلۃ للنسائي، 327، بیروت، المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/691، بیروت

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں ہمارے پھلوں میں برکت دے اور ہمیں ہمارے شہر میں برکت دے، اور ہمارے غلّہ ناپنے کے پیمانوں میں برکت دے۔[279]

اس کے بعد اس پھل کو اپنے سب سے چھوٹے بچہ کو دے دے۔ یا اس وقت اس مجلس میں جو سب سے چھوٹا بچہ ہو اس کو دے دے۔

چھینک آنے کے وقت کی دعا:۔

چھینکنے والا **الحَمْدُ لِلّٰهِ** (اللہ کی حمد اور اس کا شکر) کہے، سننے والا **یَرْحَمُكَ اللّٰهُ** (تم پر اللہ کی رحمت ہو) کہے، پھر چھینکنے والا جواب الجواب کے طور پہ یہ پڑھیں۔

يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

ترجمہ: اللہ تم کو صحیح راہ پر چلائے اور تمہارا حال درست فرمائے۔[280]

گناہ سرزد ہو جانے کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

اگر کوئی گناہ سرزد ہو جائے (اللہ نہ کرے) تو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت پڑھ کر اللہ سے معافی مانگیں، اور یہ بھی پڑھیں۔

أَيْ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! میرا گناہ معاف کر دے۔[281]

حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ اگر کسی سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے (اللہ نہ کرے) تو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت پڑھ کر اللہ سے معافی مانگے تو اللہ معاف کر دیتا ہے، پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: **وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا**۔

---

[279] صحیح مسلم، 2/1000، بیروت، حسن

[280] صحیح البخاري، 8/49، دار طوق النجاۃ

[281] سورۃ النساء، 110۔ عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 318، 316، بیروت

ترجمہ: اور جو شخص کوئی برا کام کر بیٹھے یا اپنے حق میں ظلم کرلے پھر اللہ سے معافی مانگے تو اللہ کو بخشنے والا (اور) مہربان پائے گا۔

کان بجے تو پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کسی کا کان بجے تو درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھیں۔

ذَكَرَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ مَّنْ ذَكَرَنِيْ

ترجمہ: اللہ اس کا بھی تذکرہ خیر بلند کرے جس نے مجھے یاد کیا۔[282]

پیر سن ہو جانے پہ پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کسی کا پاؤں سن ہو جائے تو اپنی پسندیدہ شخصیت کو یاد کرے اور یہ پڑھیں۔

الصلوۃ علیہ

ترجمہ: درود شریف۔[283]

صدقات، خیرات وزکوۃ ادا کر کے پڑھی جانے والی دعا:۔

صدقات، خیرات وزکوۃ ادا کرنے والا یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا مَغْنَمًا وَّلَا تَجْعَلْهَا مَغْرَمًا

ترجمہ: اے اللہ! اسے نافع بنانا، باعث نقصان نہ بنانا۔[284]

---

282 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 140، بیروت

283 القول البدیع، 225، دارالریان۔ عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 142، بیروت. الأذکار للنووي، 305، بیروت

284 سنن ابن ماجۃ، 3/16، الرسالۃ

دوست سے جدا ہوتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

دوست واحباب کا ہاتھ چھوڑتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ ہمیں دنیا و آخرت کی بھلائیاں عطا فرما اور دوزخ کے عذاب سے ہمیں بچا۔[285]

خدمت کرنے والے طالب علم کو دی جانے والی دعا:۔

کوئی طالب علم یا کوئی بھی شخص خدمت کرے تو اس کو یوں دعا دیں۔

اَللّٰھُمَّ فَقِّھْهُ فِی الدِّیْنِ

ترجمہ: اے اللہ! اسے دین کی سمجھ عطا فرما۔[286]

قاضی، حاکم یا کسی عہدے دار کو دی جانے والی دعا:۔

قاضی، حاکم یا کسی عہدے دار کو یوں دعا دیں۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَلْبَہٗ وَثَبِّتْ لِسَانَہٗ

ترجمہ: اے اللہ اس کے دل کو ہدایت سے نواز اور اس کی زبان حق پر ثابت رکھ۔[287]

کسی مسلمان کو ہنستا دیکھتے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب کسی مسلمان کو ہنستا دیکھے تو یہ پڑھیں۔

---

285 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 167، بیروت

286 صحیح البخاری، 1/41، دار طوق النجاۃ

287 سنن ابن ماجۃ، 2/774، دار احیاء

أَضْحَكَ اللهُ سِنَّكَ

ترجمہ: خدا تجھے ہنساتا رہے۔[288]

کثرت کلام کے کفارے کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

جس کی زبان بہت چلتی ہو اُسے چاہیے کہ یہ پڑھا کرے۔

أَسْتَغْفِرُ اللهَ

ترجمہ: میں اللہ سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں۔[289]

اپنے اعضاء کی برائی سے پناہ کی طلب:۔

اپنے اعضاء کی برائی سے پناہ طلب کرنے کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِي وَمِنْ شَرِّ بَصَرِي وَمِنْ شَرِّ قَلْبِي وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّي

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کان کی برائی سے اور اپنی آنکھ کی برائی سے اور زبان کی برائی سے اور اپنے دل کی برائی سے اور اپنی شرمگاہ کی برائی سے۔[290]

اولاد، غلام یا جانور کی اصلاح کے لیے پڑھی جانے والی دعا:۔

اولاد، غلام یا جانور سرکش وباغی ہو جائے تو یہ پڑھیں۔

---

[288] صحیح البخاري، 4/126، دار طوق النجاۃ، حسن

[289] عمل الیوم واللیلۃ للنسائي، 327، بیروت، المستدرک علی الصحیحین للحاکم، 1/691، بیروت

[290] سنن الترمذي، 5/523، مصر

أَفَغَيْرَ دِيْنِ اللهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ طَوْعاً وَّ كَرْهاً وَّإِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ

ترجمہ: کیا اب کوئی اور دین ڈھونڈتے ہیں اللہ کے دین کے علاوہ، اور اسی کے تابع ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے خوشی سے یا لاچاری سے اور اسی کی طرف سب لوٹائے جائیں گے۔[291]

غصے کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب غصہ آئے تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَأَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَأَجِرْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے دل سے غصے کو ختم فرما اور مجھے شیطان سے پناہ عطا فرما۔[292]

حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا فرمان ہے کہ جب کسی کو غصہ آئے تو وہ وضو کرلے، (نفلی عمل)۔

کوئی حالت (طبیعت) کا پوچھے تو بولا جانے والا جملہ:۔

کوئی حالت (طبیعت وغیرہ) کا پوچھے تو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

ترجمہ: تمام تعریفات اللہ ہی کے لیے ہیں۔[293]

---

291 سورۃ آل عمران، 82۔ المعجم الأوسط، 1/27، قاهرة۔ الدعوات الكبير، 2/264، غراس۔ الإتقان في علوم القرآن، 4/161، الهيئة المصرية

292 الأذكار للنووي، 301، بيروت

293 صحيح البخارى، 8/59، دار طوق النجاة۔ الأذكار للنووي، 303، بيروت

دعاء انس بن مالک رضی اللہ عنہ:۔

ہر قسم کے شر سے حفاظت کے لیے یہ پڑھیں۔(انسان، شیطان اور درندوں کے شر سے بچنے کے لیے مجرب دعا)

بِسْمِ اللهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ بِسْمِ اللهِ عَلٰى مَا أَعْطَانِيْ رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ بِسْمِ اللهِ عَلٰى أَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللهُ أَكْبَرُ اَللهُ رَبِّيْ اَللهُ أَكْبَرُ اَللهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا أَجِرْنِيْ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ وَّمِنْ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ إِنَّ وَلِيِّيَ اللهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام کی حفاظت مانگتا ہوں اپنی جان اور دین کے لیے، اللہ کے نام کی حفاظت مانگتا ہوں ہر نعمت پر جو حق تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے، اللہ تعالیٰ ہی کے نام کی حفاظت مانگتا ہوں اپنے اہل و مال اور اولاد کے لیے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ ہی میرا پروردگار ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ ہی میرا پروردگار ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا، اور میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں ہر شیطان مردود کے شر سے اور ہر شیطان متکبر کے شر سے، بے شک میرا حمایتی اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی، اور وہ نیکوکاروں کی حمایت کرتا ہے، پھر اگر وہ (کفار وغیرہ) منہ پھیریں تو آپ فرما دیں کہ اللہ میرے لیے کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔[294]

حرز ابی دجانہ رضی اللہ عنہ:۔

جنات سے بچنے کے لیے بہترین تعویذ

[294] الدعاء للطبراني، 323، العلمية۔ عمل اليوم والليلة لابن السني، 308، بيروت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ
الْعَالَمِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ
وَالزُّوَّارِ وَالصَّالِحِيْنَ إِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمٰنُ أَمَّا بَعْدُ: فَإِنَّ
لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَإِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّوْلَعًا أَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا
أَوْ رَاغِبًا حَقًّا أَوْ مُبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَنْطِقُ
عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ۔ أُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا
وَانْطَلِقُوْا إِلٰى عَبَدَةِ الْأَصْنَامِ وَإِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ أَنَّ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا اٰخَرَ
لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ
يُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ أَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ۔

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ یہ مکتوب حضرت محمد ﷺ کی طرف سے ہے جو اللہ رب العلمین کے رسول ہیں ان جنات کے نام جو انسانی آبادیوں میں داخل ہوتے ہیں رہائش پذیر ہیں یا زائر بن کر آتے ہیں یا نیک ہیں مگر وہ جو خیر کے ساتھ رات کے وقت آتے ہیں، اے بڑے مہربان! (یاد رکھو:) ہمارے لیے اور تمہارے لیے حق کے سامنے ایک گھڑی ہے۔ پس اگر تو عاشق فریفتہ ہے یا گناہ گار ہے یا صحیح رغبت رکھنے والا ہے یا باطل (بہر صورت) یہ کتاب ہم پر اور تم

پر ناطق ہے حق کے ساتھ بے شک ہم لکھواتے ہیں جو کچھ تم کرتے ہو اور ہمارے فرستادہ لکھتے ہیں جو تم مکر کرتے ہو۔ چھوڑ دو میرے اس رقعہ کے حامل کو اور چلے جاؤ بتوں کے پجاریوں کی طرف اور ان کی طرف جو یہ زعم رکھتے ہیں کہ اللہ تعالی کے ساتھ اور معبود بھی ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ ہر شئی فنا ہونے والی ہے مگر اس کی ذات (جل وعلا شانہ) اسی کا حکم چلتا ہے اور اسی کی طرف تم دوبارہ لوٹائے جاؤ گے۔ وہ مغلوب ہو جائیں، (حم) ان کی مدد نہ ہو، (حم عسق) پراگندہ ہو گئے اللہ کے دشمن اور اللہ کی حجت تمام ہو گئی۔ نہیں ہے برائی سے پھرنے کی طاقت اور نہیں ہے نیکی کرنے کی طاقت مگر اللہ تعالی کی مدد سے جو بلند اور عظیم ہے پس کفایت کرے گا اللہ تعالی تیرے لیے ان کی طرف سے اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔[295]

غصہ کے وقت یا گدھے یا کتے کی آواز سننے کے وقت پڑھی جانے والی دعا:۔

جب غصہ آوے یا گدھے یا کتے کی آواز سنے یا برے وسوسے آئیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے۔[296]

اپنے اعضاء کی برائی سے پناہ کی طلب:۔

اپنے اعضاء کی برائی سے پناہ طلب کرنے کے لیے یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِيْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کان کی برائی سے اور اپنی آنکھ کی برائی سے اور زبان کی برائی سے اور اپنے دل کی برائی سے اور اپنی شرمگاہ کی برائی سے۔[297]

---

295 دلائل النبوۃ للبیھقي، 7/119، العلمیۃ
296 مشکاۃ المصابیح، 2/448، بیروت، الحصن الحصین، 265، غراس
297 سنن الترمذي، 5/523، مصر

مرغ کی آواز سن کر کی جانے والی دعا:۔

فضل

یعنی جب مرغ کی آواز سنے تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرے۔[298]

کوا بولے تو پڑھی جانے والی دعا

کوے کی آواز سنے تو یہ پڑھیں۔

لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُكَ وَلَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: تیرے شگون کے علاوہ کوئی شگون نہیں، تیری طرف سے ملنے والی خیر کے علاوہ کوئی خیر نہیں، اور تیرے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں۔[299]

حفظ قران کا ایک وظیفہ

رات کو سونے سے پہلے یہ دس آیات پڑھیں۔

أَرْبَعُ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سورة البقرة، وَآيَةُ الْكُرْسِيِّ، وَآيَتَانِ بَعْدَهَا، وَثَلَاثٌ مِنْ آخِرِهَا

ترجمہ: سورہ بقرہ کی ابتدائی چار آیات، آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیات اور سورہ بقرہ کی آخری تین آیات۔[300]

جو شخص رات کو سونے سے پہلے یہ دس آیات پڑھنے کا معمول بنائے تو جتنا قرآن یاد کیا ہے بھولے گا نہیں ان شاء اللہ۔

---

298 صحيح البخاري، 4/128، دار طوق النجاة، مشكاة وحصن

299 مصنف ابن أبي شيبة، 6/110، مكتبة الرشد

300 سنن الدارمي، 4/2131، سعودية

بد فالی سے بچنے کے لیے پڑھا جانے والا وظیفہ:۔

کسی چیز سے بد فالی محسوس ہو رہی ہو تو یہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ لَا يَأْتِي بِالْحَسَنَاتِ إِلَّا أَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ إِلَّا أَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِكَ

ترجمہ: اے اللہ! آپ کے بغیر کوئی بھلائی نہیں آسکتی اور کوئی برائی آپ کے بغیر جا نہیں سکتی اور کوئی طاقت اور قوت نہیں سوائے آپ کے۔[301]

سادات کے لیے خاص تحفہ:۔

مشکل وقت میں یہ وظیفہ پڑھا جائے۔

يَا دَائِمًا لَّمْ يَزَلْ يَا إِلٰهِي وَإِلٰهَ آبَائِي يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

ترجمہ: اے ہمیشہ رہنے والے! اے میرے اور میرے آباؤاجداد کے معبود! اے زندہ رہنے والے! اے تھامنے والے![302]

مصیبت کے وقت پڑھا جانے والا ایک وظیفہ:۔

مصیبت اور غم کے وقت اس کو سات بار پڑھیں۔

اللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّي لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا

ترجمہ: اللہ، اللہ ہی میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔[303]

---

301 سنن أبي داود، 6/62، الرسالۃ

302 المؤتلف والمختلف، 2/609، بیروت

303 السنن الکبری للنسائی 9/241، بیروت

وحشت محسوس ہو تو پڑھا جانے والا وظیفہ:۔

اگر وحشت محسوس ہو تو کثرت سے یہ پڑھیں۔

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ رَبِّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ جَلَّلْتِ السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ بِالْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوتِ

ترجمہ: پاک ہیں مقدس بادشاہ جو فرشتوں اور روح کے رب ہیں، ان کی عزت و جبروت کی وجہ سے آسمان و زمین کی اہمیت بڑھ گئی۔[304]

کچھ بھول جائے تو پڑھا جانے والا وظیفہ:۔

کوئی شخص کچھ بھول جائے تو یہ پڑھیں۔

الصلوۃ علی النبی

حضور صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پہ کثرت سے درود شریف پڑھے۔[305]

مصیبت کے وقت پڑھا جانے والا ایک ورد:۔

مصیبت اور مشکل معاملے کے حل کے لیے اس کو بطور ورد پڑھیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

ترجمہ: ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔[306]

304 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 595، بیروت
305 عمل الیوم واللیلۃ لابن السني، 252، بیروت۔ القول البدیع، 227، دار الریان
306 سورۃ البقرۃ، 173. صحیح البخاري، 6/39، دار طوق النجاۃ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب آگ میں ڈالا گیا تو آپ کی زبان پر یہی الفاظ تھے۔

رنج و غم اور تکلیف دور کرنے کے لیے یہ پڑھے:۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ

ترجمہ: اس اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جو بڑا عظیم اور بردبار ہے، اس اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جو عرش عظیم کا مالک ہے، اس اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں جو زمین و آسمان اور عرش کریم کا رب ہے۔[307]

تنگدستی دور کرنے کے لیے فرشتوں کی ایک تسبیح:۔

تنگدستی دور کرنے کے لیے صبح صادق کے بعد اور فجر پڑھنے سے پہلے ۱۰۰(سو) مرتبہ یہ پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ اَسْتَغْفِرُ اللهَ

ترجمہ: اللہ ہی کی پاکی ہے، اسی کی تعریف ہے، اللہ جو بلند و برتر ہے اسی کی تقدیس ہے، میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں۔[308]

مجلس میں کیا جانے والا ذکر

اٹھنے سے پہلے اللہ کا ذکر اور درود شریف پڑھنا چاہیے

ذکر و درود

307 صحیح البخاري، 8/75، دار طوق النجاۃ

308 موطأمالک، 1/148، الامارات

ترجمہ: اللہ کا ذکر اور درود شریف۔[309]

حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ جس مجلس میں لوگ اللہ کا ذکر کیے بغیر اٹھ جائیں تو گویا کہ وہ مردار گدھے پر سے اٹھے ہیں، اور فرمایا کہ جس مجلس میں اللہ کا ذکر بھی نہ ہو اور حضور ﷺ پر درود بھی نہ بھیجا جائے تو ایسی مجلس قیامت کے دن باعث حسرت ہو گی۔

مجلس سے اٹھنے سے پہلے تین بار یہ پڑھے:۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ

ترجمہ: اے اللہ! تو پاک ہے، اور میں تیری حمد بیان کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں، اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں۔[310]

اگر مجلس میں اچھی باتیں کی ہوں گی تو یہ کلمات ان پر مہر بن جائیں گے، اور فضول اور لغو باتیں کی ہوں گی تو وہ معاف ہو جائیں گے۔

مجلس کے اختتام کی دوسری دعا:۔

مجلس سے اٹھتے وقت یہ پڑھیں۔

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

[309] عمل اليوم والليلة لابن السني، 393، 398، بيروت

[310] سنن الترمذي، 5/494، مصر، مصنف ابن أبي شيبة، 6/41، مكتبة الرشد، الترغيب والترهيب، 2/412، مصر

ترجمہ: آپ کا رب پاک ہے عزت کا مالک ان باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ اور رسولوں پر سلام ہو۔ اور تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔[311]

غیر مسلموں کو دی جانے والی ایک دعا:۔

غیر مسلموں کو اس طرح بھی دعا دے سکتے ہیں۔ (ہدایت کی نیت سے)

أَطَالَ اللهُ أَعْمَارَكُمْ وَأَكْثَرَ أَمْوَالَكُمْ

ترجمہ: اللہ تمہاری عمر اور مال زیادہ کرے۔[312]

حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنے مجوسی خادمین کو اس طرح دعا دیتے تھے جو آپ رضی اللہ عنہ کی زمین میں کام کرتے تھے۔

غیر مسلموں کو دی جانے والی ایک اور دعا:۔

غیر مسلموں کو اس طرح بھی دعا دے سکتے ہیں (ان کی ہدایت کی نیت سے)

كَثَّرَ اللهُ مَالَكَ وَوَلَدَكَ وَأَصَحَّ جِسْمَكَ وَأَطَالَ عُمُرَكَ

ترجمہ: اللہ تمہارے مال اور اولاد میں اضافہ کرے اور تمیں صحت دے اور تمہاری عمر بڑھائے۔[313]

ایک روایت کے مطابق حضور ﷺ نے ایک یہودی کو (اس کے مطالبے پہ) یہ دعا دی۔

غیر مسلموں کو دی جانے والی ایک بہترین دعا:۔

غیر مسلموں کے حق میں یہ دعا کرنی چاہیے

هَدَاكَ اللهُ

311 سورة الصافات، 180,181,182. الأذكار للنووي، 299، بيروت
312 مصنف ابن أبي شيبة، 6/108، مكتبة الرشد
313 مصنف ابن أبي شيبة، 5/255، مكتبة الرشد

ترجمہ: اللہ تجھے ہدایت دے۔[314]

اگر کوئی غیر مسلم بھلائی کرے تو اس کو دی جانے والی دعا:۔

جَمَّلَكَ

ترجمہ: اللہ تجھے اچھا رکھے۔[315]

غیر مسلم کے چھینکنے پہ پڑھی جانے والی دعا

غیر مسلم چھینک مارے تو یہ پڑھا جائے۔

يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

ترجمہ: اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارا حال درست فرمائے۔[316]

314 مصنف ابن أبي شيبة، 6/105، مكتبة الرشد
315 عمل اليوم والليلة لابن السني، 253، بيروت
316 سنن أبي داود، 7/381، العلمية

محمد داؤد الرحمن علی کی دیگر مرتبات

القاسم دار الکتب
گلشن بلاک
علامہ اقبال ٹاؤن
لاہور